
نسخہ مُتبرکہ

اِعجازِ محمدی



سیٹھ آدم جی عبداللہ پبلشرز بمبئی والے
نولکھا بازار لاہور،

اَلحَمدُ لِلّٰہِ وَالمِنَّۃ کہ دریں زمان سعادت وان

نسخۂ مُتبرکہ

اعجاز محمدی

یعنی

جس میں ہر قسم کے نقوش و تعویذات و عملیات درج ہیں

ہر قسم کی علمی، ادبی، اخلاقی، تاریخی
صنعتی، طبّی کتب کے منگوانے کا پتہ حسب ذیل ہے

سیٹھ آدم جی عبد اللہ پبلشرز بمبئی والے

نولکھا بازار، لاہور نمبر ۶

پرنٹر پریس شیراز نوری

نام کتاب :_____ اعجاز محمدیؐ

:_____

ناشر :_____ سیٹھ آدم جی عبداللہ پبلشرز بمبئی والے

کتابت :_____ ضیاء اللہ ضیاء خوشنویس

قیمت :_____ 60/- روپے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط

لکھ قلم پہلے حمد رب غفور | کہ ہر ایک جا پہ ہے اسی کا ظہور
وہی باطن ہے اور وہی ظاہر | وہی اوّل ہے اور وہی آخر
خالق ارض و آسمان ہے وہی | جسم خلقت ہے اور جان ہے وہی
فانی نیست و باقی ہستی | مالک ہے بلندی و پستی
وہی معبود جاودانی ہے | وہی واحد نہ اس کا ثانی ہے

ہزاراں حمد اس سحر کار جادو نگار صانع بیچوں کو زیبا ہے کہ جس نے قلم سے نقوش بوقلموں اور اشکال گوناگوں کو تختۂ زمین پر منقش اور مرتسم کیا اور بسیار کبار شکر اس حکیم برحق شافی مطلق کو روا ہے کہ مشت خاک کو عنار قدرت سے مرتب اور مجسم فرمایا۔ اگر شاخ قلم سواسن زبان اور لسان انسان بلبل ہزار داستان ہو بیان ثمۂ سحر سازی قدرت اور نکتہ طرازی طرز حکمت اس فلسفہ عاقل اور عامل کامل میں برنگ غنچہ سربستہ کے بستہ دہان ہوا اور زورش نرگس چشم حقیقت میں حیران بقول ؎

حمد ہو سکتی ہے کب اس رب پاک کی | پاک کی جس نے یہ صورت خاک کی

ناظرین وصاحبان والاتمکیں اور شائقین و نکتہ سنجان منہر بین پر ظاہر و باہر ہو کہ بندہ مستہام میتارام ساکن اودھ ایام طفولیت میں کہ ہنوز جزودان طالب علمی کا تہہ کر چکا تھا اور بستۂ تعلیم طفلی کو بالائے طاق نہ دھر چکا تھا کہ شوق عملیات و طلسمات کا معہ دیگر علوم و فنون کے لوح دل پر نقش ہوا اور باشتیاق نکات گوناگون در دریافت عجائبات بوقلموں کے کمر کوشش اور جستجو کی مستحکم باندھے خدمت کاملاں دانشوراں و عاملان ہنر پرور میں جوانمرد موجود ہو کر سر بسجود ہو

بعدازاں چند رسالے مختصر و معتبر جو کہ امتحان دانشوران و دفنوان اور رازلیش اس مولف سے مگر قدرے ضرورت یاداشت کے بلنظیر و باتاثیر سمجھ کر نقطہ دار دائرہ تحریر میں لابادنیوالا وہ رسالہ ہائے توتالیف خدمت شریف صاحب دانش وبینش وملاحظہ اہل ادراک نادر آفرینش مجمع خوب منبع حسنات صدق وصفا اعجوبۂ روزگار آقائے نامدار مصروف بانواع صفات پنڈت بیج ناتھ صاحب دام اقبالہٗ میں گزارنے جناب موصوف نے حسن آرائی وصحت نمائی رسالہ ہائے منظور کو حرف بحرف سن کے زبان مبارک سے فرمایا کہ یہ رسالے تیرے بہت خوب بلکہ از دل مرغوب ہیں اور باوجودیکہ سابق میں دو ایک صاحبان سخن آزلو مبالغہ گو دروغ پیمانے بطریق خود فروشی اور بنیال دوکانداری کے ایسے علوم نادر فنون عالی کو درست ولاؤبالی جمع کر کے مطبوع کر دیئے ہیں۔ نظرادصاف ونگاہ دوربین شمع دروغ کو پیش آفتاب صداقت ناب کے فروغ نہیں ہے۔ خلاصہ یہ ہے۔ کہ ایک نسخہ مختصر جس میں یہ اجزائے عجیب وغریب اور آزمودہ کارہوں واسطے بقائے نام اور فائدہ ہر خاص وعام کے ترتیب کر کے مطبع ہذا میں مطبوع کیا جاوے اور خواہش قلمی اور تمنائے دلی برآوے۔ بندہ یہ کلام فرحت انجام سن کر بحر متفکر میں غوطہ زن ہوا اور یہ گوہر درداس صدف خیال میں آیا کہ بحر ذخار ناپیداکنار مقام فانی میں زندگانی مثل خیال وخواب اور مانند نقش پرآب کے ہے۔ یہ تصویرات کر کے رسالہ ہائے مسطور برنگ تصویرات موقع کے خاکہ قسطیر میں لایا اور قول شیخ سعدی شیرازیؒ کا مطابق پایا سے غرض نقشیست کز ما یاد ماند۔ کہ ہستی را نمی بینیم بقائے۔ اور بعد ترتیب نسخہ ہذا کے بامسمیٰ بہ تفصیل درج اور پرچار طلسم کے منقسم کر کے یہ مجموعہ اعجاز محمدیؐ موسوم کیا گیا۔

پہلا طلسم شعبدوں کے بیان میں

لکھ قلم پہلے نادرات عجیب — شک جادو عجائبات غریب

ہیں طلسمات شعبدے اس میں — معرکے اندر رجال اس کے

فصل اوّل :- در شعبدہائے اندر رجال کپڑے کی آڑ میں بندوق سے نشانہ لگانا اور نشان چھرے کا کپڑے پر مطلق موثر نہ ہونا۔ ترکیب یہ ہے کہ پارے کو بجائے گولی بندوق میں ڈالے اور اس پر نشانہ کر کے فیر کرے جانور تو مر جائے گا۔ کپڑے پر کسی طرح کا نشان نہ آئے گا۔ **دیگر** :- ہاتھ پر بے رنگ سیاہی کے حرف نمودار کرنا چاہیئے کہ آک کے دودھ سے ہاتھ پر لکھے اور خشک کرنے کے راکھ یا مٹی اس پر ملے جو حرف کہ مرقومہ شیر ہوں گے سیاہ ظاہر ہوں گے۔ **دیگر** رائی اور خرمائے ہندی پانی میں پیس کر اس سے لکھے اور دھوپ دکھا دے حرف سرخ ظاہر ہوں گے۔ **دیگر** :- چراغ سرد کو روشن کرنا۔ لا دے گندھک اور ہڑتال کافور برابر خوب باریک پیس کر پاس رکھے اور چراغ بجھوا دے مگر اتنا گل باقی رہے اور سفوف مذکور اس گل پر چھوڑے چراغ جل اٹھے گا۔ **دیگر** :- کافور کو نوشادر کے پانی میں گھس کر ہاتھ پر ملے بعد خشک ہونے کے اگر آگ پر ہاتھ رکھ لے اصلاً نہ جلے گا۔ **دیگر** :- دیگر شیشہ کو چبانا چاہیئے کہ شیشہ کو آگ مشتعل میں ڈالے جبکہ وہ شیشہ مثل آگ کے ہو جاوے۔ ادرک کے عرق میں غوطہ دے بعد ازاں چبا جاوے حکم خدا سے زخم نہ ہو گا آزمودہ ہے۔ **دیگر** :- عرق پیاز میں خرمائے ہندی گھس کر لکھے اور دھوپ دکھلاوے حرف زرد ہوں گے **دیگر** :- چربی بھیڑ کی اور چربی مچھلی کی باہم ملا کر فتیلہ بنا دے اور چراغ روشن کرے تمام گھر پر آب معلوم ہو گا۔ **دیگر** :- چراغ مستی تیار کرے اور

سانپ کے پوست کی بتی بناکر اسی چراغ میں جلا دے تمام گھر میں سانپ ہی سانپ دکھلائی دیں گے۔ **دیگر**:۔ اگر جگنو کا سر کاٹ کر ہرن کی چربی میں لپیٹے اور بتی بنا کر جلا دے۔ طلسم عجیب معائنہ کرے۔ **دیگر**:۔ انگریزی دیا سلائی سے مکان تاریک میں دیوار پر کچھ لکھے یا نقش کرے درخشندہ عادم ہو۔ **دیگر**:۔ پھٹکڑی افیون نمک سانبھر فرست تخم مرغ سیماب باہم ملا کر سرکہ میں مخلوط کرے اور ہاتھ پاؤں پر لے آگ سے محفوظ رہے ہرگز نہ جلے گا۔ **دیگر**:۔ آب تاریخ سے لکھے اور آگ دکھلا دے حرف سرخ معلوم ہوں گے۔ **دیگر**:۔ اگر زہرہ پلنگ زہرہ سنگ سیاہ زہرہ باز سب کو ملا کر کاغذ پر لکھے۔ دن کو وہ حروف پڑھے نہ جائیں گے مگر رات کو جو کچھ لکھا ہوگا پڑھا جائے گا۔ **دیگر**:۔ ترکیب مغز بادام کو بلا صدر پوست کے توڑنا چاہیئے کہ مغز بادام کو کپڑے میں لپیٹ کر پتھر پر چند مرتبہ پٹکے مغز بادام ٹوٹ جائے گا اور اس کے پوست پر صدمہ نہ پہنچے گا۔ **دیگر**:۔ دودھ قدرے نوشادر ملا کر حرف لکھے اور آگ دکھلا دے۔ حرف زرد ہو جائیں گے۔ **دیگر**:۔ آب نیم گرم میں قدرے سریشم ماہی پیس کر ڈالے پانی مثل برف کے جم جائے گا۔ **دیگر**:۔ اگر کاغذ پر شیر عورت و شب یمانی سے حروف لکھے حروف ظاہر نہ ہوں گے۔ مگر آگ دکھلانے بخوبی نمایاں ہوں گے۔ **دیگر**:۔ کتیرا سفید اور قدرے زعفران و مصری حملہ باریک پیس کر ملا دے اور پڑیا باندھ کر پوشیدہ پاس رکھے اور جن شخصوں کو یہ شعبدہ دکھلانا منظور ہوں روبرو ان کے قدح پانی معہ سرپوش منگوائے اور کمال تیز دستی سے وہ پوڑیا اس میں چھوڑ دے اور چند ساعت کے بعد قدح آب پرواز فالودہ ہو جائے گا اور اسے کھائے گا کمال لذت پائے گا مجرب آزمودہ ہے۔ **دیگر**:۔ انڈہ میں سوراخ کر کے شبنم بھر دے اور دھن کو موم سے بند کر دے۔ بیضہ مرغ اڑ جائے گا۔ **دیگر**:۔ جب شیطرنج زبان کے نیچے پوشیدہ رکھے اور ناظرین شعبدہ کے

روبرو آگ منگوا کر بحیلہ انجوری لعاب اس کا پانی میں گرا دے پانی مثل خون کے ہو جائے گا۔ **دیگر**:۔ استخوان بھیڑ سانپ اور آدمی کے مجموعہ کر کے چالیس روز تک بچے پانی کے کرے بعد ازاں نکال کر خشک کرے اور باہم ملا کر سرمہ خوب باریک کر کے جس درخت کے نیچے اس سفوف کو جلا دے تمام شاخیں اس درخت کی زمین پر رنگوں ہو جائیں گی۔ **دیگر**:۔ سرگین سگ وگرگ وچرک گوش سگ اور چربی بھیڑ کی پارچہ کتاں میں آلودہ کر کے فتیلہ بنا کر چراغ نو میں رکھے اور روغن سیماب ڈال کر چراغ روشن کرے۔ تمام اہل مجلس سگ معلوم ہوں گے۔ **دیگر**:۔ جس کسی کو بچھو نے کاٹا ہوا ہو۔ چاہیئے کہ قدرے نوشادر میں چونہ ملا کر کثردم گزیدہ کو سونگھا دے فوراً اچھا ہو جاوے۔ **دیگر**:۔ مارگزیدہ کے واسطے یہ علاج مجرب ہے۔ چاہیئے کہ فوراً نیلہ تھوتھا باریک پیس کر ناک میں پھکنی سے پھونکے فوراً اچھا ہو جائے گا۔ **دیگر**:۔ اگر کسی کو سانپ نے کاٹا ہو کنول گٹہ تازہ چھیل کر مغز اس کا نکال کر خوب باریک پیسے اور بطور سرمہ کے آنکھوں میں لگا دے حکم خدا سے بہت اچھا ہو گا۔ **دیگر**:۔ آب نوشادر آب بھلاوہ سرکہ یکجا کر کے بیضہ کبوتر کہ نر مادہ دونوں سفید ہوں۔ اشیائے مذکورہ سے نقش کرے اور پھر کبوتر کے تلے رکھ دے وقت بچہ ہونے کے وہ نقش بچہ پر ظاہر ہوں گے۔ **دیگر**:۔ ٹکڑے پیاز کے چراغ میں رکھے پروانے دور ہو جائیں گے۔ **دیگر**:۔ پھٹکڑی اور کافور باہم پیس کر کاغذ پر لگائے اور نیچے کاغذ کے آگ روشن کرے اسی میں حلوہ پکائے کاغذ نہ جلے گا۔ **دیگر**:۔ اگر نوشادر سہاگہ سنکھیا مساوی الوزن ملا کر لکھے ہوئے حروف پر ملے اور دھوپ میں رکھ دے حروف دور ہو جائیں گے۔ **دیگر**:۔ مور کا پتہ آئینہ پر ملے اور سورج کے مقابلہ میں رکھے۔ جس قدر آئینہ ملے گا جو شخص اس کو دیکھے گا اس کو سورج گرہن نظر آئے گا۔ **دیگر**:۔ اگر شیشہ کو موم سے مستحکم بند کرے اور بلندی

سے شیشہ دے ٹپکے شیشہ ہرگز نہ ٹوٹے گا **دیگر**:۔ خون کبوتر میں آب شاہترہ اور قدرے سیاہی ملا کر لکھے ان کو حروف نہ پڑھے جائیں گے۔ رات کو معلوم ہوں گے۔ **دیگر**:۔ قدرے افیون اور پچاس عدد جوز چونے کے پانی میں جوش دے جو کوئی قدرے وہ پانی پیئے گا وہ بیمار ہو جاوے گا مگر روغن پلا دینے سے صحت پائے گا۔ **دیگر**:۔ اگر کپڑے کو سات مرتبہ گھیکوار کے دودھ میں تر کرکے اور ساتوں بار سایہ میں خشک کرے اور آگ میں ڈال دے کپڑا ہرگز نہ جلے گا۔ **دیگر**:۔ ٹکڑا کافور کا روغن کرے اور پانی میں ڈال دے کافور روشن رہے گا۔ **دیگر**:۔ ٹڈی کو روغن زیت میں ڈالے اور پھر چراغ میں میٹھا تیل ڈال اسے روشن کرے تمام گھر میں بچھو معلوم ہوں گے۔ **دیگر**:۔ پانی دودھ کر دینا چاہیئے کہ تخم ارنڈ کو فتہ کرکے مغز اس کا نکال لے اور پانی میں باریک پیس کر کسی برتن پر طلا کرے اور جب وہ برتن خشک ہو جاوے اس میں پانی بھر دے دودھ معلوم ہوگا۔ **دیگر**:۔ اگر کوئی شخص مینڈک کی چربی انجیر کی لکڑی میں لگا کر کسی چولہے میں دبا دے تو اس چولہے میں کھانا نہ گلے گا جب تک کہ وہ لکڑی دفن رہے گی۔ **دیگر**:۔ موم سفید گندھک زرد پہلے موم گرم کرے اور گندھک پیس کر ملا رکھے اور فتیلہ کپڑے کا بنا کر اس میں تر کرکے رکھے جس وقت چاہے ایک پیالہ پانی کا بھرے اور اس میں ڈال دے تو وہ روشن ہو جائے گا اور بتی روشن رہے گی۔ **دیگر**:۔ اتوار کے روز کوے کی چونچ لاوے اور روب اور گوگل کی دھونی دے کر کسی قدر خط اس چونچ سے زمین پر کھینچے جو عورت اسے نانگھ جائے گی خون جاری ہو جائے گا اور جبکہ اسی چونچ کو دھو کر پلائے گا خون بند ہو جائے گا۔ **دیگر**:۔ سنبل مشید دگیرد و مصطگی رومی بوزن برابر مثل میدہ کے جدا جدا پیس کر ملا دے اور کاغذ پر پانی میں تر کرکے لکھے۔ حرف برنگ لاجوردنمایاں ہوں گے۔ **دیگر**:۔ اگر

مازو اور راک سرخ سے کاغذ پر لکھے حرف ظاہر نہ ہوں گے مگر پانی میں چھوڑنے دینے سے حرف سیاہ پیدا ہوں گے مجرب ہے۔ **دیگر**:۔ چھلنی میں پانی بھرنے کی ترکیب چاہیئے کہ چھلنی کو تین بار عرق گھیکوار میں تر کرے اور تین ہی بار خشک کرے اور اس میں پانی بھر دے ہرگز نہ گرے گا۔ **دیگر**:۔ قدرے نوشادر و عاقر قرحا میں رکھے اور چبا کر اسی پانی سے کلی کرے پھر چنگاری آگ کی منہ میں رکھ لے منہ ہرگز نہ جلے گا۔ **دیگر**:۔ کف دریا اور پوست بیضہ مرغ اور سیماب مساوی الوزن باہم ملا کر مالش کرے اور سرکہ میں ملا کر طلا کرے بدن آگ میں نہ جلے گا۔ **دیگر**:۔ کہربائے خالص عرق لیموں یا بول خر میں گھس کر برتن پر طلا کرے سنہرا معلوم ہوگا۔ **دیگر**:۔ تراشا شیشے کا چاہیئے کہ ایک فتیلہ رشتۂ خام کا مثل توڑہ بندوق کے بنا وے اور چھری تیز سے شیشے پر نشان دے اور وہ توڑہ روشن کر کے نشانات شیشے پر دکھلا دے شیشہ ترش جائے گا۔ **دیگر**:۔ اگر طوطیا پانی میں گھس کر سونے یا لوہے یا شیشے پر ملے تانبا معلوم ہوگا اور نمک شور سے دھو ڈالے حالت اصلی پر آجائے گا۔ **دیگر**:۔ خون خرگوش اور روغن گل باہم آمیز کر کے چراغ نو میں رکھے فتیلہ پنبہ سرخ سے بنا دے اور روشن کرے اہل محفل کو معلوم ہوگا کہ مکان میں ہیبا آئی ہے۔ **دیگر**:۔ اگر ایک مکھی اور آدھی مرچ سیاہ ذرا سی ہینگ پانی میں پیس کر آنکھ میں لگا دے لرزہ دفع ہو جاوے۔ **دیگر**:۔ سفید دھتورہ اتوار کو اکھاڑ کر مرد کے داہنے ہاتھ میں اور عورت کے بائیں ہاتھ میں باندھے تپ ایک روز میں دفع ہو جائے گا۔ **دیگر**:۔ تالمکھانہ باریک پیس کر قدرے دودھ ملا دے مثل حضرات کے بے ضامن بستہ ہو جائے گا۔ **دیگر**:۔ اگر چربی بھیڑ کی اور چربی شیر کی فتیلہ کر کے جدا جدا چراغ

میں جلائیں۔ دونوں چراغوں کی لوئیں آپس میں لڑنے لگیں۔ دیگر:۔ اگر مولی اور پھٹکڑی پانی میں گھس کر کھائے نشہ شراب کا فوراً ہو جائے۔ دیگر: جس جگہ گدھا لیٹا ہو وہاں کی خاک منگل یا اتوار کے روز لادے اور دسترخوانوں کے نیچے رکھ دے اہل سفرہ خندہ بہت کریں گے۔ دیگر:۔ اگر مسلم پتاشہ روغن میں چرب کر کے اور پانی میں چھوڑے پتاشہ نہ پگھلے گا۔ دیگر: سرنرمردہ کا آواز دینا چاہیے کہ سری بکرے کی لاوے اور خفیہ اس میں مینڈک رکھ دے جب دھونی لوبان وغیرہ کی دے گا ایک آواز ہو گی اور سامعین اور ناظرین کو بولنا سری کا ثابت ہو گا۔ دیگر:۔ اگر پوست گرگ کمر میں باندھے اس کی تاثیر سے رات کو کہیں جائے دہشت نہ ہو گی۔ دیگر:۔ اگر چاہیئے کہ مکھی مکان میں نہ رہے تو عاقرقرحا اور گندیک اور بیخ نرگس پانی میں حل کرے اور اس پانی کو دیوار پر چھڑک دے وہاں مکھی ہرگز نہ رہے گی۔ دیگر: اگر ہینگ کوزے میں رکھے اور پانی اس پر ڈالے کوزہ ٹوٹ جائے گا۔ دیگر: اگر نقار خانے میں پوست گرگ جلائے نقارہ پارہ پارہ ہو جاویں۔ دیگر: آب چشم گربہ سیاہ سے لکھے دن کو حروف ظاہر نہ ہوں گے۔ مگر رات کو پڑھے جائیں گے۔ دیگر: اگر کچھوے کی چربی بورہ ارمنی ملا کر پارہ کتان سے ایک فتیلہ بنا کر چربی مذکورہ میں آلودہ کرے اور چراغ نو میں رکھ کر روغن سیماب ڈال کر روشن کرے معلوم ہو گا کہ اہل مخفی کشتی پر سوار دریا کی سیر کرتے ہیں دیگر:۔ اگر کچھوے سر جگنو کاٹ کر ہرن کی جھلی میں کر رکھے اور اس پر زنگار چھڑک کر میٹھے تیل میں جلا دے مکان یا جو کچھ اشیاء ہو گی سبز معلوم ہو گی۔ دیگر:۔ اگر شیشہ صاف میں شراب ناب دو آتشہ ڈال کر قدرے گندھک اس میں چھوڑ دے اور مکان تاریک میں رکھ دے شیشہ پر آتش معلوم ہو گا۔

دیگر: ترکیب کہ دو مرغ مقابلہ باہم سے جدا نہ ہوں چاہیے کہ ایک مرغ کی آنکھ میں سنگ مقناطیس سرمہ ساکر کے لگائے اور دوسرے کی آنکھ میں برادہ آئیں آئیں ہاریک کر کے لگائے دونوں مرغ برابر لڑا کریں گے مقابلہ سے جدا نہ ہوں گے۔ **دیگر:**۔ پیوند چینی شکستہ چونہ کلی آب نارسیدہ کو سرمہ کر کے سفیدی بیضہ مرغ میں ملا کر چینی پر لگا دے اور جوڑ وصل کر کے دھوپ میں رکھ دے جوڑ نہایت مضبوط ہو جاوے۔ **دیگر:**۔ پتھر پر نقش کرنا چاہیئے کہ موم کو روغن کنجد میں آگ کی مدد سے ملاویں اور اس سے پتھر پر لکھے یا کچھ نقش کرے اور رہنے دے بعد تین روز کے سرکہ ترش سے دھو ڈالے حرف نمایاں ہوں گے۔ **دیگر:** اگر لب سیاہ ہوں تو سفید ہو جاویں لاوے بیر بہوٹی تخم دھتورہ جوز بویا بیخ لیموں چاروں کو باہم پیس کر جس کسی کو کھلاوے لب سفید ہو جاویں جب کہ دودھ بکری کا ملے بحالت اصلی ہو جاویں۔ **دیگر:** اگر پستان مادہ سگ کاٹ کر پشت آئینہ پر چسپاں کر دے جو کوئی اس آئینہ کو دیکھے۔ صورت اپنی مشابہ سگ معلوم ہو گی۔ **دیگر:** موم جامہ اگر قدرے گندھک اس میں ملا کر فتیلہ بنا دے اور چراغ میں بجائے روغن کے پانی بھر دے فتیلہ روشن رہے گا۔ **دیگر:**۔ اگر چربی مینڈک کی ہاتھ میں ملے اور آگ کو اٹھا دے ہرگز نہ جلے گا۔ **دیگر:**۔ اگر برگ سرسی کو ہاتھ میں ملے وہی خاصیت رکھتا ہے۔ **دیگر:** بیضہ مرغ کو سرکہ خالص انگوری میں رکھے۔ بعد تین روز کے بیضہ اس قدر نرم ہو جائے گا کہ ثابت دہن شیشہ میں آ جاوے اور پھر ہوا لگنے سے سخت ہو جاوے گا اور شیشہ کے اندر سے نکالنا چاہیئے تو پھر دوا مذکور اس میں چھوڑ دے بعد تین روز کے اسی طرح نرم ہو کر نکل آئے گا۔
دیگر:۔ لاوے بیضہ مرغ اور ایک جانب سے سوراخ کر کے اس میں ٹانگ پارہ

چھوڑ دے اور سوارخ کو موم وغیرہ سے مضبوط بند کرے اور بالولا کو آفتاب میں گرم کرے اور اسی ریگ پر بیضہ مذکور رکھ دے پھر جست وخیز کرنا بیضہ کا تماشہ کرے۔ **دیگر**:۔ اگر کاغذ پر کہ مثل وصلی کے گزارہ اور چکنا ہو سیاہی سے حرف لکھ کر اس پر کا جل لگائے اور پانی کے چھینٹے دے کر دھو ڈال حرف سفید ہو جائیں گے اور سیاہ ہو جائے گا۔ **دیگر**:۔ چونہ سے سفید کاغذ پر لکھے اور دھوپ میں رکھ کر جب کہ خشک ہو جاویں تو لکھا کاغذ پر نہ ثابت ہو گا۔ جس وقت پانی میں ڈال دے سفید معلوم ہوں گے۔ **دیگر**:۔ نیل کو پیس کر روئی میں لپیٹ کر فتیلہ بنا دے اور روغن بیدانجیر چراغ میں ڈال کر فتیلہ روشن کرے تمام گھر سیاہ معلوم ہو گا۔ **دیگر**:۔ سمندر پھین اور گندھک پیس کر روئی میں لپیٹے اور روغن کنجد چراغ میں ڈال کر وہ فتیلہ روشن کرے اگر پانی بھی برسے سرد نہ ہو گا۔ **دیگر**:۔ اگر گھونگھچی سفید پانی میں گھس کر گھڑا دن پر طلا کرے اور خشک کرکے پاؤں اپنی قدرے نم کرکے اس پر رکھے بغیر گھونٹی کے چلنے لگا مجرب ہے۔ **دیگر**:۔ اگر ہڑتال اور پیپل گائے کے مسکہ میں ملا کر سات گولیاں بنا دے اور ایک ہفتہ طاؤس کو کھلا دے بعد ہفتہ کے بیٹھ اس طاؤس کی لے کر ہاتھ میں طلا کرے جو کچھ از قسم زرد نقرہ ہاتھ پر رکھے کسی کو دکھائی نہ دے گا۔ **دیگر**:۔ زبان مینڈک کی پاؤں کتان میں لپیٹ کر خوابیدہ کے سینے یا سر کے نیچے رکھ دے راز دل بیان کرنے لگے۔ **دیگر**:۔ لادے تخم کو انج سم اسپ سیاہ دونوں پیس کر آمیز کرے اور آوے میں ڈال دے تمام برتن آوے کے بولنے لگیں گے۔ **دیگر**:۔ اگر پارہ گوشت میں ڈال کر پکا دے ہرگز پختہ نہ ہو گا اور باطل خام رہے گا اور اگر پانی ملا کر جس درخت کی جڑھ میں چھوڑ دے درخت خشک ہو جائے گا۔ **دیگر**:۔ جوار کو تین

شبانہ روز تر رکھے پھر ایک دن رات مدار کے دودھ میں تر رکھے بعدازاں ایک شب روز تھوہر کے دودھ میں تر کر کے سایہ میں خشک کرے جس وقت وہ جوار ہاتھ میں لے کر ایک ساعت مٹھی میں بند رکھے گا دانہ ہائے جوار کھل ہوجاویں گے۔ **دیگر**:۔ صید کرنا جانوروں کا چاہیئے کہ دانہ نخود یا برنج مدار کے دودھ میں تر کر کے خشک کرے پھر جس جگہ وہ دانہ پڑے گا اور جو پرند اسے کھائے گا فوراً بیہوش ہوجائے گا۔ اس حال میں گرفتار کر لینا اس کا سہل ہے۔ **دیگر**:۔ اگر کا نپھل گھس کر اس کے عرق میں دانہ بھگو دے اور خشک کر کے زاغ کو کھلا وے غافل ہوجاوے گا۔ **دیگر**:۔ شیر اک شنگرف روغن کنجد جعفرات برنج باہم پکا کر جس جگہ بہت زاغ ہوں وہاں ڈال دے وہ برنج پختہ کھا کر بیدم ہوجائیں گے۔ **دیگر**:۔ اگر قدرے ہینگ پانی میں گھس کر ہمیں شہد آمیز کرے اور از قسم غلہ دانہ اس میں بھگو دے روز دوئم خشک کر کے جس طاہر کو کھلا وے بے ہوش ہوجاوے اگر آرام کرانا چاہے دودھ اور گھی مادہ گاؤ کو پلا دے ہوش میں آوے اور صحیح اور تندرست ہوجاوے۔ **دیگر**:۔ اگر چاہیے کہ شراب خوری ترک کرے لاوے زہرہ زاغ سیاہ اور شراب میں دھو کر پلاوے کیسا ہی شراب خور ہو گا وہ نوشی سے نفرت کرے گا۔ **دیگر**:۔ پہاڑی بکری کا سینگ لے کر اگر غلہ کے اندر رکھ دیں تو ہرگز اس میں کیڑا پیدا نہ ہوگا اور نقصان سے محفوظ رہے گا۔ **دیگر**:۔ لومڑی کے گوشت کی یہ خاصیت ہے کہ جو اپنے پاس رکھے کہیں چلا جاوے کتے اس کو دیکھ کر ہرگز نہ بھونکیں گے اکثر چوروں کے پاس یہی عمل ہوتا ہے۔ **دیگر**:۔ بجو جانور کا دانت جو شخص اپنے پاس رکھے گا۔ کتے اس کو دیکھ کر نہ بھونکیں گے اور نہ لڑیں گے۔ **دیگر**:۔ بط کا چمڑا اور بھیڑیئے کی کھال لے کر دونوں کو اپنے

رکھے اس شخص کو کوئی نہ دیکھے گا۔ **دیگر**:۔ موم سفید کو آگ پر پگھلا کر اور گندھک زرد باریک کر کے اس میں چھوڑے۔ پھر ایک باریک کپڑا اس میں لت کر کے بنا لے جب چاہئے تو ایک پیالہ میں پانی بھر کر وہ بتی چھوڑ دے چند منٹ میں وہ روشن ہو جائے گی۔ **دیگر**:۔ ایک چراغ میں بھیڑیئے کی چربی اور دوسرے میں بکرے کی چربی ڈال کر بتی روشن کرے اور برابر چراغ رکھ دے پھر تماشہ دیکھے **دیگر**:۔ درخت چرچڑہ کی ہاتھ میں لے کر بچھو پکڑلیں کبھی نہ کاٹے گا۔ **دیگر**:۔ پہلے پیپل اور سیاہ مرچ اور سونٹھ خوب چباوے بعدہٗ چنگاری منہ میں لے کبھی آگ کا اثر نہ ہو گا۔ **دیگر**:۔ پارہ کافور اور کوئلہ برابر لے کر اور پیس کر مثل گیند کے گولہ بنا دے اور آگ سے روشن کر کے چادر پر لڑھکاوے چادر کو کچھ ضرر نہ پہنچے گا۔ **دیگر**:۔ بقدر ضرورت نیلہ تھوتھا گھس کر لوہے پر طلا کرے مثل تانبے کے ہو جاوے گا۔ **دیگر**:۔ ایک ٹکڑا کپڑے سفید کا برگد کے دودھ میں چند بار تر کر کے خشک کریں جب کسی کو یہ شعبدہ دکھانا منظور ہو تو تھوڑا سادہ کپڑا پوشیدہ ڈول میں چھپاویں اور سب کے سامنے پانی بھریں اور ڈول کو ذرا توقف سے نکالیں مثل دودھ کے سفید پانی نکلے گا۔ **دیگر**:۔ اروسہ کے پتے پانی میں جوش دے کر ہاتھ پاؤں کو دھو ڈالیں بالکل حنا رنگ ہاتھوں سے زائل ہو جائے گا یہ نسخہ خضاب والوں کے کارآمد ہے۔ **دیگر**:۔ دو ٹکڑے بجلی کے تار کے لا دے دونوں کو لوہے کی سلاخ میں نصب کرائے تب ایک کو مردہ مینڈک کی پشت پر اور دوسرے کو زانو پر لگائے وہ کودنے لگا۔ **دیگر**:۔ اول ایک طشت میں پانی بھرے اور اس کے درمیان میں کوئی شے مثل پتھر وغیرہ کے ڈھانک دے پانی گھڑے کے اوپر چڑھ جائے گا۔ **دیگر**:۔ اتوار کے روز گد کی چونچ لا دے اور اتوار کے روز کنوئیں سے راستہ میں ایک خط کھینچ دے جو عورت

اس خطے سے گزرے گی گھوڑے ٹوٹ جاویں گے۔ **دیگر**: اول اندھارے کے دودھ میں سرسوں کو تر کر کے سایہ میں خشک کریں اور پھر جب چاہے پیلی مٹی اور چند دانے سرسوں کے ہاتھ میں لے کر پانی چھڑکے چند منٹ میں معہ پتوں کے درخت نمودار ہوگا۔ **دیگر**:۔ جس کو شراب کا نشہ زیادہ ہو وہ مولی اور پھٹکڑی ملا کر کھلادیں اسی وقت نشہ ہوگا۔ **دیگر**:۔ اگر بجلی پیتل کے تار میں باندھ کر قطب نما کے اوپر رکھ دے فوراً اس کا رخ مشرق کی طرف پھر جاوے گا اور جب اتار کر نیچے رکھ دو پھر مغرب کی طرف ہو جاوے گا۔ **دیگر**:۔ مقناطیس کی اگر کشش میں فرق آگیا ہو تو سرکہ تیز میں رکھے حالت اصلی پر آجائے گا اگر پیاز کے عرق میں بگھودیں تو قوت جاتی رہے گی۔ **دیگر**:۔ اگر خون گاؤ تازہ میں ایک ہفتہ مقناطیس کو رکھیں تو کشش بڑھ جاوے گی **دیگر**:۔ ترنج کے اندر سوئی سے سوراخ کر کے اور دو ماشہ پارہ دو رتی نیلہ تھوتھا ڈال کر سوارخ کو موم سے بند کردیں اور دھوپ میں رکھ دیں جب وہ گرم ہوگا کودنے لگے گا۔ **دیگر**:۔ اگر تخم چرچرہ دو ماشہ لے کر کھاوے تو ایک ہفتہ کچھ کھانے کی ضرورت نہ ہو۔ **دیگر**:۔ جس سبز درخت کے پتوں کو گندھک کی دھونی دی جاوے فوراً زرد سفید ہوگا۔ **دیگر**:۔ چھپکلی کی بیٹ اور سہاگہ ملا کر باریک کپڑے میں بتی بنادے اور روغن زوبک میں روشن کرے پھر کشتی اور دریا کا تماشہ دیکھے۔ **دیگر**:۔ سبز چڑیا کا خون لیوے اور مرغ کی گردن کے پوست پر ملے تو زنگار اس پر چھڑکے اور پرانے کپڑے میں لپیٹ کر فتیلہ بناوے اور چراغدان میں رکھ کر روغن کنجد میں وہ بتی روشن کرے تو اس گھر میں زنگار رنگ کے مرغ اڑتے نظر آئیں گے۔ **دیگر**:۔ کسی کپڑے دبیز کا چاند کترے اور اس میں گندھک پیس کر لیپ کرے۔ رات کے وقت اس پر پانی چھڑکے وہ خود بخود روشنی

دے گا۔ **دیگر**:۔ ایک مکھی پکڑ کر آدمی کے بال میں پاؤں اس کا باندھے جس وقت دو چار آدمی کھانا کھانے کے واسطے دستر خوان پر بیٹھیں تو نیچے دستر خوان کے اس مکھی کو رکھ دیں تو سب اہل سفرہ ہنستے ہنستے بے تاب ہو جائیں گے۔
دیگر:۔ ایک لکڑی پولی جو درمیان سے خالی ہو۔ اس کے اندر چھوہارے رکھ کر منہ باندھ کر کپڑا لپیٹ کر ایک بڑے دیگچہ میں رکھ دیں اور پانی بھر کر منہ پر اس کے کپڑا باندھ دیں پھر اس کو آگ پر رکھ کر پکائیں جب وہ لکڑی خوب پک جائے اور پانی خشک ہو جاوے لکڑی نکال کر چھوہاروں کو دیکھیں بالکل سرسبز اور ہرے معلوم ہوں گے۔ **دیگر**:۔ لکڑی کا ایک چوکھٹا جس کا عرض و طول برابر ہوگا اور چھ گز کے مربع میں ہو یعنی چاروں گوشے برابر ہوں۔ اس میں چاروں طرف مقناطیس اصلی نصب کرائیں اور ایک چھوٹا سا پتلا تیار کراویں جس کے چاروں طرف یعنی کردلوٹوں اور سر اور پیروں میں لوہا لگا ہو تو جب اس پتلے کو چوکھٹے مذکور کے درمیان چھوڑ دو گے تو معلق قائم ہو جائے گا۔ کسی جانب کو حرکت نہ کرے گا۔ ناظرین کو کمال استعجاب ہوگا۔ **دیگر**:۔ سیاہ تیتر پکڑ کر اس کو تین دن بھوکا رکھے۔ چوتھے دن اس کی چونچ پارہ سے بھر دیں مگر پارہ کو گائے کے دودھ میں بھگو دیں جب وہ بیٹ کرے تب گولی پارہ کی نکال لے اور جب کہیں جانے کا ارادہ کرے تو اس پارہ کی گولی کو منہ میں ڈال لیں ہرگز نہ ہاریں گے۔ **دیگر**:۔ اگر بھیڑ کی کھال کا تسمہ کمر میں باندھے تو ہرگز راہ چلنے میں نہ تھکیں گے اگر رات کو اپنے پاس رکھیں کہیں چلے جاویں۔ خوب نہ ہوگا **دیگر**:۔ اچھی ساعت میں ایک سیاہ رنگ کی گائے کا دودھ اور مکھن ملا کر کڑکنا تھ مرغ کی زبان پر رکھ کر نکال لے پھر جو شخص پیروں کے بل پیدا ہوتا ہے۔ اس کی آنکھوں میں لگائیں دفینہ نظر آئے گا۔ **دیگر**:۔ سیاہ مرغ کی چربی نکال کر شخص مذکور بالا

کی آنکھوں میں بطور کاجل کے لگاویں۔ دفینہ نظر آئے گا۔ **دیگر**:۔ کسی بوتل صاف وسپید رنگ میں قدرے شراب دوآتشہ بھر کر اس میں تھوڑی گندھک ڈال دے اور کسی جگہ تاریک میں وہ بوتل رکھ دے گا۔ ایسا معلوم ہوگا کہ گویا شیشہ کے اندر شمع روشن ہے۔ **دیگر**:۔ گل سرخ اور خس کافور شراب یہ سب اشیاء برابر وزن لے کر سرکہ تیز میں حل کر کے ہاتھ پاؤں پر ضماد کرے اور آگ پر چلے تو چاہے کچھ نقصان نہ پہنچے گا۔ **دیگر**:۔ افیون کتیرا پھٹکڑی نمک سانبھر پوست تخم مرغ سیماب ان سب کو بوزن برابر لے کر سرکہ خالص میں حل کر کے اپنے عمل میں لاویں مجرب ہے۔ **دیگر**:۔ پتہ چیتے اور کتے سیاہ اور باز کالاوے ان سب کو ایک جگہ حل کر کے کسی کاغذ سفید پر کچھ عبارت لکھے اور نوشتہ کے حروف دن کو معلوم نہ ہوں گے۔ مگر رات کو اچھی طرح پڑھے جاویں گے۔ **دیگر**: ایک شیشہ کے اندر عرق لیموں بھر دو لیکن اتنا عرق ہو کہ آدھا خالی ہو پھر اس میں تھوڑا کف دریا پیس کر ڈال دو پھر تماشہ دیکھو کہ شیشے کے اندر ایک طوفان سا اٹھے گا اور سانپ کی طرح پھٹکار مارے گا۔ دیگر: جاؤشیر باقلا بکری کی چربی کی گولیاں بنائیں جہاں مچھلیاں نہ ہوں وہ ڈال دیں فوراً پانی کے اوپر آجاویں گے۔ **دیگر**:۔ خون کبوتر میں اگر سیاہی اور پانی موافق طور پر ملاویں اور اس سے جو دل میں آدے لکھیں۔ دن کو ہرگز نہ پڑھے جائیں گے۔ **دیگر**:۔ جس جگہ گدھے لیٹے ہوں وہاں کی مٹی اتوار کے روز لاکر جہاں چند آدمی کھانا کھاتے ہوں دسترخوان کے نیچے رکھ دیں سب حاضرین ہنسیں گے۔ گوڑی زرد جلاکر اور ایک شیشہ کا انگوٹھے سے بند رکھے۔ فوراً عرق شیشہ سے اڑ جائے گا کہ وہ شیشہ کیسے زور آور کے ہاتھ میں ہو۔ **دیگر**:۔ چھری کو چند بار عرق گھرہل میں تر کر کے خشک کر لیں۔ جب سے لیموں تراشیں گے تو اس کے اندر سے سرخ رنگ کا عرق ٹپکے گا۔ **دیگر**:۔ ہڈی کو روغن زیتون

میں ڈال کر نکال لیں پھر چراغ میں میٹھا تیل ڈال کر روشن کریں جہاں تک اس چراغ کی روشنی پہنچے گی بچھو نظر نہ آویں گے۔ **دیگر**:۔ سنگ کسوٹی سرمہ سا باریک پیس کر بتی روشن پر چھڑکدے۔ ہرگز ہوا سے نہ بجھے گا۔ یہ شعبدہ ان لوگوں کے کام کا ہے جو اکثر مزارات پر چراغ روشن کرتے ہیں۔ **دیگر**:۔ دو چڑیاں لکڑی کی بہت ہلکی تیار کراؤ جو پانی میں نہ ڈوبیں پھر ایک کی چونچ مقناطیس اصلی اور دوسری کی چونچ میں لوہا لگادو ایسا کہ معلوم نہ ہو پھر ایک حوض میں ان کو کسی فاصلے سے چھوڑ دو پھر تماشہ دیکھو وہ دوڑ کر آپس میں کیسی چونچیں ملاتی ہیں جب ان کو تم جدا کرو گے پھر اسی طرح ایک جگہ ہو جاویں گی۔ **دیگر**:۔ لاویں تھوتھڑ کا دودھ اس میں گٹھلی آم کی بھگو دیں اسی طرح تین رات دن برابر بھگو رکھیں۔ مگر دودھ روز تازہ ڈالتے رہیں جب وہ کل خشک ہو جاوے تب اس گٹھلی کو لے کر اپنے پاس رکھیں جب کسی کو تماشہ دکھانا منظور ہو تھوڑی سی مٹی کسی برتن کے اندر بھر کر اس گٹھلی کو اندر داب دیں اور پانی دینا شروع کریں تھوڑی دیر بعد اس میں سے ایک شاخ پھوٹے گی پھر اس میں پانی ڈالیں اور کپڑے سے ڈھانپ دیں اسی طرح تین چار مرتبہ متواتر پانی دیں یہاں تک کہ اس میں شاخیں نکل آویں گی۔ پھر پانی دیں تھوڑے عرصے کے بعد پھل آجاویں گے۔ جس کو دیکھ کر ناظرین حیران ہوں گے۔ **دیگر**:۔ گڑ کو پانی میں گھول کر کاغذ پر لکھے اور سکھا دے حرف بے نشان ہوں مگر کوئلہ باریک پیس کر اس پر ملو گے اور پانی کا چھینٹا دو گے۔ حرف صاف و شفاف نمودار ہوں گے۔ **دیگر**:۔ نوشادر سہاگہ سنکھیا ہم وزن لے کر باریک پیسے اور قلمی حرفوں پر لگا کر آفتاب میں رکھ دے سب حروف اڑ جائیں گے۔ **دیگر**:۔ پہاڑی بکرے کا سینگ خفتہ آدمی کے سینہ پر رکھنے سے بہلا عمل رکھتا ہے۔ **دیگر**:۔ ایک شخص کا بیان

ہے کہ اگر سوتے ہوئے آدمی کے اوپر مسان کی مٹی یعنی جلے ہوئے اس مردہ کی راکھ جو اتوار یا منگل کو جلا کر لایا گیا ہو لا کر ڈال دو تو خواب سے ہوشیار نہ ہوگا۔ جب تک وہ مٹی اس سے جدا نہ ہوگا۔ **دیگر:۔** ایک لکھی آدمی سیاہ مرچ تھوڑی سینگ پانی میں پیس کر آنکھوں میں لگادیں بخار دفع ہوگا۔ **دیگر:** کف دریا یعنی سمندری جھاگ اور گندھک ان سب کو باریک پیس کر روئی کی ایک بتی بنالے اور اس میں یہ مصالحہ لپیٹ کر دے پھر تلوں کا تیل چراغ میں ڈال کر وہ بتی تیار شدہ روشن کرے گو کیسی ہی درمیان جدائی ڈالنا منظور ہو تو سنگ مرمر کا ٹکڑا جس پر کسی کی تاریخ وفات لکھی ہو اس کو گھس کر عاشق و معشوق کی جدائی کی نیت کر کے بدوں اطلاع کھلا دے ہرگز موافقت نہ ہوگی۔ اور فتنہ و فساد آپس میں ہو کر بالآخر جدائی ہوگی۔ **دیگر:۔** ایک خشک چنا لے کر اس کو کسی سوئی سے اندر خالی کرو پھر اس کے اندر گودا سن کی سرکی کا بھر دو اور منہ اس کا بند کر دو جب تم اس کو مٹی میں ملا کر پانی دو گے وہ پھوٹ آوے گا بلکہ سبز پتے نکل آویں گے۔ **دیگر:۔** جس درخت کی جڑ میں شتر مرغ کی بیٹ دفن کر دو گے۔ بے موسم اس درخت میں پھل آویں گے۔ **دیگر:۔** گیہوں کو آک کے دودھ میں تر کر کے سایہ میں خشک کر کے جب کسی جانور کو پکڑنا منظور ہو وہاں گندم ڈالیں اس کو جو پرندہ کھائے گا فوراً بیہوش ہو جائے گا تب اس کو پکڑ لو۔ **دیگر:۔** اگر ہڑتال اور گندم ہم وزن پیس کر اور آٹے میں گولیاں بنائیں اور جہاں پرندے آتے ہیں وہاں ڈال دیں اس کو جو پرندے کھائے گا پھر نہ اڑے گا۔ **دیگر:۔** کوانچ کی بھسی کو لے کر جس کے سر پر ڈالو گے فوراً اسی وقت اس کے آبلے پڑ جائیں گے اور کھجاتے کھجاتے دیوانہ ہوگا۔ جب اس کو گائے کے گھی اور گوبر کی مالش کرو گے تو اچھا ہو جاوے گا۔ **دیگر:۔** جو جانور ادویہ

مذکورہ ملا کھا کر بے ہوش کئے گئے ہیں۔ ان کو پھر ہوش میں لانے کی ترکیب یہ
ہے کہ جب ان کو دودھ اور گھی پلاؤ گے اسی وقت وہ اپنی اصلی حالت پر آجاویں
گے۔ **دیگر:۔** جب ارادہ انجیر بونے کا کریں اس کی جڑ کو کاٹ نمک میں ڈال
دیں۔ پھر اس کو بودیں تو جب مراد پھل آویں گے اور مزیدار ہوں گے۔ **دیگر:۔**
ہڑتال زرد لے کر اس مقام پر جہاں چیونٹیاں بہت رہتی ہوں پیس کر لگائیں پھر
ہرگز وہاں نہ رہیں گی۔ **دیگر:۔** جس مقام پر چوہے بہت رہتے ہوں تو یہ کام
کرے کہ چوہے کو پکڑ کر خصی کر دے اور چھوڑ دے پھر وہاں نہ رہیں گے۔ **دیگر:۔**
زفت رومی اور گندھک کا جس مکان میں دھواں کریں مکھیاں نہ آویں گی۔ **دیگر:۔**
اگر جونک خشک کا مکان میں دھواں دیں تو تمام مچھر مر جائیں گے۔ **دیگر:۔**
جس میں پسو بہت ہوں اور ستاتے بہت ہوں تو گوگل سبز کا دھواں کریں پسو
وہاں نہ رہیں گے۔ **دیگر:۔** جس کو اپنے مکان میں سانپ کا شبہ ہو تو چاہیئے
کہ چاروں گوشہ مکان میں کیچلی یا ہڑتال نوشادر کی دھونی کریں تو وہاں سے چلا
جاوے گا۔ **دیگر:۔** ہڑتال ہینگ برگ چنبیلی سونٹھ ان سب کو بوزن برابر لے
کر باریک پیسیں اور گائے کے تازے گوبر میں ملا کر غلولہ بنالیں۔ سایہ میں خشک
کر کے مکان کے چاروں کونوں میں دھونی دے تو خدا چاہے اس مقام پر
بچھو نہ آویں گے۔ مجرب ہے۔ **دیگر:۔** جس دیوار میں بچھو رہتے ہوں یا گھس
گیا ہو تو چاہیئے کہ رات کے وقت اور اس سوراخ کے سامنے چراغ جلا کر رکھ
دے فوراً باہر نکل آوے گا۔ یہ ترکیب ایک شخص کی مجربات سے ہے۔ **دیگر:۔**
جب کسی کو سانپ نے کاٹا ہو تو چاہیئے کہ اسی وقت سمندر پھل باریک پیس کر
بطور انجن آنکھوں میں لگاویں مجرب ہے۔ **دیگر:۔** ایک شخص اپنے مجربات
سے بیان کرتا ہے کہ جب آفتاب برج جواز میں آوے یعنی جیٹھ کا مہینہ شروع

ہو پرانے سرس کا پوست تین روز برابر سات ماشہ ساٹھی کے چاولوں کے بٹوں میں
پیس کر پئیں کل جانوروں زہر دار کے زہر سے ایک سال تک امان میں رہیں اور
کوئی سانپ وغیرہ کاٹ بھی لیں گے تو ہرگز اثر نہ ہو گا بلکہ وہ مر جائے گا۔ دیگر:
جب کسی کے کوئی سانپ وغیرہ کاٹ بھی لے گا اندریں یعنی تھوہڑ کا پھل تازہ
لے کر کھالیں خدا چاہے صحت ہو گی۔ دیگر:۔ جس شخص کو دیوانہ کتا کاٹ لیں
تو فوراً لہسوڑہ کی پتی ایک تولہ سیاہ مرچ پندرہ عدد پیس کر پلادیں بہت مجرب
اور منافع ہے۔ دیگر:۔ سرخ رنگ کی ناناٹ جو بہت دبیز نہ ہو لے کر چنے
کے برابر سات ٹکڑے کر لے اور گڑ میں گولیاں بنالیں اور کھلائیں اور زخم پر
انگور کی لکڑی جلا کر راکھ اس کی آگ کے دودھ میں ملا کر لگائیں خدا چاہے کچھ
نقصان نہ ہو گا۔ دیگر:۔ اگر کسی کو چوہا وغیرہ کاٹ لے تو چاہیئے کہ سرس کے
بیج اور گری کر نجوہ کی نکال کر گائے کے پیشاب میں لگائیں۔ دیگر:۔ مشہور ہے
کہ چھپکلی کے کاٹنے سے انسان مر جاتا ہے۔ پہلے زخم کو ریشمی رومال سے دھو
ڈالے پھر زخم پر ٹانیکوا ریمونیا لگادیں۔ دیگر:۔ گوبھی کے پتے شہد میں پیس
کر ضماد کریں نفع ہو گا۔ دیگر:۔ جس کسی کے بلی نے کاٹا ہو چاہیے کہ ایک
تولہ سیاہ تل پودینہ کے ہمراہ پیس کر چاٹ لیں مفید ہے۔ دیگر:۔ جس کسی کو
کوکھنکھجورہ کاٹ لے تو فوراً مٹی کے تیل میں کالی مرچ اور چرچٹہ کی جڑ پیس
کر لگادیں۔ خدا چاہے شفا ہو گی۔ دیگر:۔ شورہ پاؤ بھر نہایت عمدہ لے کر اس
کو آگ پر خشک کرے پھر اس میں خالص تیزاب گندھک دو تولہ ڈال کر بھبکہ میں
مقطر کریں جب عرق نکل آوے تو ایک فلٹر کاغذ جو کہ ڈاکٹروں کے کام آتا ہے اور
اس میں دوا چھانتے ہیں۔ لے کر خشک کریں بعدہٗ دو تولہ عرق مذکورہ بالا اور
اسی قدر تیزاب گندھک درجہ اول لے کر ایک شیشے کے گلاس میں ڈالو اور

جس وقت یہ ٹھنڈے ہو جاویں اسی وقت اس میں اس کاغذ کو اچھی طرح ڈبو دے اور شیشے ہی کے برتن سے بند کر و ۲۰ منٹ کے بعد کسی شیشے کی سلاخ سے اس کاغذ کو نکالو۔ احتیاط سے رکھو کہ ہاتھ نہ لگے پھر ایک بڑے برتن کو جو مثل بالٹی کے ہو پانی بھر کر اس کاغذ کو ڈالدیں۔ بعدازاں کسی بہتے ہوئے چشمہ کے پانی میں اس قدر دھوویں کہ چکھنے سے ترش نہ معلوم ہو پس اس کو ہوا میں یا رم آنچ پر خشک کریں پھر وہ کاغذات کسی آئینہ کے اندر رکھیں اندھیرے میں مثل مہتاب کے روشنی دے گا۔ **دیگر**:۔ شورہ نمک ۸ حصے اور گندھک ۲ حصے سرمہ دو حصے ان سب کو جدا جدا باریک پیس کر ایک جگہ ملا دے۔ پھر ایک رکابی میں رکھ کر پھیلا دے اور ایک سرے سے بتی لگا دے بالکل سپید رنگ کی دیر تک روشنی رہیگی گویا دن کی کیفیت رات کو معلوم ہوگی۔ **دیگر**:۔ شنگرف ۲۰ حصے پوٹاش ۵ حصے گندھک ایک حصہ کوئلہ ایک حصہ علاوہ پوٹاش کے سب کو باریک پیس کر ملا دیں اور ایک کاغذ کی نلی میں بھر کر روشن کرے۔ **دیگر**:۔ پوٹاش نو حصے گندھک ۳ حصے تانبے کا برادہ ۳ حصے اس کو بھی حسب ترکیب مذکورہ بالا تیار کریں۔ **دیگر**:۔ سوڈا ۲۴ حصے سرمہ ۸ حصے گندھک ۶ حصے کوئلہ ایک حصہ اس کو بھی حسب قاعدہ بالا تیار کر کے کام میں لائیں۔ **دیگر**:۔ سلفر یعنی گندھک ایک حصہ شورہ ایک حصہ پوٹاش ۵ حصے ان سب کو مرکب بنا کر ایک کاغذ پر لیپ کرے بعد خشک ہونے کے دیوار پر لگا کر آگ لگا دے۔ **دیگر**:۔ کوئلہ ۸ حصے گندھک ۱۰ حصے تانبے کا برادہ ۱۵ حصے پوٹاش ۲۰ حصے ان سب کو تیار کر کے آگ پر ڈالے نافرمانی رنگ پیدا ہوگا۔ **دیگر**:۔ گندھک ۲۰ حصے شورہ ۶۰ حصے جست کا برادہ باریک ۱۸ حصے کافور ۲۳ حصے پوٹاش ۶۱ حصے اس کا حسب قاعدہ مذکور سفوف تیار کریں اور آگ پر ڈال کر دیکھیں۔ **دیگر**:۔ شیر تازہ یعنی

کچا گائے کا دودھ لے کر ایک مصفی برتن میں رکھیں اور اس میں ایک تولہ انجیر کا دودھ لے کر ڈال دیں اسی وقت جم جاوے گا کھانے میں نہایت شیریں اور مزیدار ہوگا۔ دیگر:۔ خربوزے کے چھلکے دھوپ میں سکھا کر پیس لیں اور دودھ میں جوش آتے وقت یہ سفوف چھڑکیں نہایت دبیز بالائی اترے گی اسی طرح چھڑکتے جاویں اور حسب دستور بالائی آتارتے جاویں۔ دیگر:۔ قلعی سفید کو عرق لیموئے ترش میں خوب حل کریں جس حرف کو کاغذ سے حذف کرنا منظور ہو اس پر لیپ کردیں اور دھوپ میں خشک کریں غلط لکھا ہوا صفا ہو جاوے گا یہ نسخہ بہت عمدہ ہے۔ دیگر:۔ پھٹکڑی ماز و گندھک سفید ہم وزن لے کر خوب باریک پیس کر سرکہ خالص میں حل کریں جب مثل مرہم کے ہو جاوے تو چھالیا کے برابر گولیاں بنالیں اور خشک کر کے رکھ چھوڑیں اور وقت ضرورت جس حرف پر لگادیں فوراً صاف ہو جاوے۔ دیگر:۔ ہڈی جلی ہوئی یا چونہ آب نا رسیدہ ، درم پھٹکڑی مصری ایک درم ان سب کو باریک پیس کر چکنائی کے داغ پر برابر آدے اس پتھر سے دب دے برادہ چکنائی کو جذب کرلے گا اور کچھ نشان رہے دوبارہ یہی عمل کرے

فصل دوسری طلسمات سحر کے بیان میں

ترکیب واسطے بغض کے لاجواب ہے۔ موش اور بلی کے سر کے بال اور لکڑی آشیانہ زاغ کی اکثر درخت نیب پر ملنا ممکن ہے۔ مگر پہلے شنبہ کو کہہ آوے کہ کل تجھے لے جاوں گا اور یکشنبہ کو لاکر تینوں چیزیں جلاکر خاک کرے اور نگاہ رکھے پھر جب کہ جدائی واسطے کے جہاں کہیں دو شخصوں کے درمیان وہ خاک ڈالدے جدائی بلکہ جنگ وجدال ان دونوں میں واقع ہو۔ دیگر:۔ اگر چربی

خوک کی یکشنبہ خواہ سہ شنبہ کو مکان دشمن میں رکھ دے باشندگان میں جنگ وجدال پیش ہو۔ **دیگر:۔** اگر گوشت الو کو روغن میں بریان کرکے اتوار یا منگل کو جس کسی کو کھلادے وہ دیوانہ بلکہ اُلّو ہو جاوے۔ **دیگر:۔** چاہیئے کہ روز یکشنبہ وقت طلوع آفتاب کے بیسیوں ناخن اپنے تراشے پوشیدہ میں نگاہ رکھے اور پنجشنبہ کو علی الصباح ان ناخنوں کو گلاب اور مشک اور زعفران میں ترکرکے سات مرتبہ اس پر بسم اللہ دم کرے اور جلادے وہی خاک کسی چیز میں ملاکر مطلوب کو کھلادے دیوانہ وشیفتہ ہو جاوے
دیگر:۔ اگر دشمن کو خوار کرنا منظور ہو لادے خاک مرگھٹ کی اتوار یا منگل کو اس میں رائی ملاکر رکھے۔ مدار کی لکڑی جلاکر اس میں رائی کی خاک کو آمیز کرکے اکیس مرتبہ چھوڑے اور نام دشمن کا ہر مرتبہ اسی نیت سے زبان دور کرے دشمن خوار ہو جائے گا۔ **دیگر:۔** پر زاغ اور پر اُلّو کا ایک جا کرکے اور شب یکشنبہ کو جلاکر خاک اس کی جو دو شخص کہ باہم مثل عاشق ومعشوق کے ہوں ان دونوں کے سر پر چھوڑے ان میں عداوت شدید ہو جائے گی۔ **دیگر:۔** جو عورت کہ نہایت بے حیا ہو بروز سہ شنبہ لے جاکر لاکر اسے کھلادے شرمدار ہو جاوے۔ **دیگر:۔** عورت کے سر کے بال اور مرد کا کپڑا دونوں کو جلاکر کھلادے عداوت ہو جائے گی مجرب ہے
دیگر:۔ آخر ماہ منگل کے روز کمھار کا ڈورا جس سے وہ برتن کلی تراشتا ہے چرالاوے اور رات کے وقت جب ستارہ ٹوٹے اسی دم رشتہ مذکور میں سات گرہ دیوے اور راہ میں ڈال دیوے جو عورت کہ گھڑا لیئے ہوئے اسے لانگھ جاوے گی فوراً گھڑا ٹوٹ جاوے گا مجرب ہے۔ **دیگر:۔** واسطے بغض کے لاجواب ہے اگر چاہے کہ دو آدمی میں جدائی ہو جاوے چاہیئے کہ روز یکشنبہ کو خون زاغ سیاہ اور خون اُلّو کو ملاوے اور کچھ کپڑا ان دونوں کا کہ ان کا پہنا ہوا ہو اس خون میں ترکرکے رکھ چھوڑیں اور شروع ماہ یعنی چودش بدی کی رات کو وہ کپڑا جلاکر خاک کرے اور

خاک قدرے ان دونوں کے سر پر چھوڑے نقصان کاہل ہوجاوے مگر دم چھپکلی کی اتوار یا منگل کے روز آخیر ماہ میں برہنہ ہو کر ایک کپڑا بھی بدن پر باقی نہ رہے تراش لیوے مگر جب تک دم بریدہ رقص میں رہے خود بھی ناچا کرے جب کہ ٹھہر جاوے اس کو اٹھا لیوے اور کہیں پوشیدہ سایہ میں سکھا کر روغن چنبیلی میں جلاوے تماشہ عجیب معائنہ کرے۔ **دیگر**:- اگر اونٹ کے داہنے ہاتھ کا ناخن گھر میں جلادے چوہے دور ہو جائیں اور اگر اونٹ کی آنکھیں کمر میں باندھے اور صحبت کرے جب تک نہ کھولے گا فراغت نہ پائے گا۔ **دیگر**:- اگر دانت چرخ جانور کا داہنی طرف کے بازو پر باندھے تو اسے کوئی نہ دیکھے گا اور کتا بھی نہ بھونکے گا اور اگر کاٹ بھی کھائے گا تو زہر اثر نہ کرے گا۔ **دیگر**:- اگر کوئی چاہے کہ چند روز بھوک پیاس نہ لگے تو اس کی ترکیب یہ ہے لاوے برنج زیرہ بروز یکشنبہ شیر مادہ گاؤ میں کھیر پکاوے اور ظروف شیر کو بہ مضبوطی تمام سر بہ مہر کر کے پانی میں دفن کرے اور جتنے روز پانی میں دفن کرے اور جتنے روز نیت بے آب و دانہ رہنے کی ہو اتنے روز پانی میں رہنے دے بعد ازاں نکال کر تناول کرے جتنے روز کہ وہ شیر برنج پانی میں رہے گی اتنے روز ہرگز گرسنگی یا تشنگی پاس آئیگی مجرب ہے۔

طلسم دوسرا عملیات میں اور یہ مشتمل اوپر تین فصل کے ہے

ہے طلسم دوم بہت نادر از فنک عامل در وکش سام منتر ساحری ہے پر تاثیر، بہر بغض و حسد و تا تسخیر سحر ہائے عجیب گوناگوں، نقش و تعویذ ہائے بوقلموں

فصل اول:- منتر کے بیان میں، واضح رائے ناظرین و شائقین ہو کہ منتر ساحری باوجود ردیف و قافیہ اور یہ مضمون لاابالی ہوتے ہیں لیکن بہ نسبت دیگر

اسما اور دعا خاص و عام کے پہلے ہی یہی لکھا جاتا ہے کہ واسطے حب کے اکسیر
ہے ہاتھ پساروں مکھ ملوں کا جی مچھلی کھاؤں۔" اٹھ پہر چونسٹھ گھڑی جگت منہ گھر
جاؤں:۔ یہ منتر ہولی یا دیوالی کی رات کو ایک سو ایک کاغذ پر لکھے اور ہر ایک تعویذ
کی پشت پر نام اپنا معہ والدہ نام مطلوب مع مادر کے لکھ کر لوبان سے دھونی دے
اور اس قدر پڑھے کہ عامل ہو جاوے پھر وقت ضرورت سات مرتبہ گلوری پر دم
کرے جس کسی کو مع چاروں نامزد کر کے وہ گلوری کھلاوے فریفتہ و عاشق ہو
جاوے۔ دیگر:۔ آنکھ چیل کی یوم یکشنبہ کو لاوے اور باریک پیس کر اس میں
مشک و زعفران ملا کر اپنے پاس رکھے جس کسی کو کھلاوے محبت ہو جاوے۔ دیگر
منتر چھو لینے سوئی کا کہ اس منتر کو شب دیوالی یا ہولی میں ایک سو ایک بار پڑھ کے
اس پر دھونی لبان کی دی جائے بعدازاں جب کبھی ضرورت ہو سات مرتبہ پڑھ
کے سوئی پختہ گوشت بدن میں چبھو دے خون نہ نکلے گا بلکہ تکلیف نہ ہو گی منتر
یہ ہے ادھار دھار مہادیو باندھوں سات بار رانی باندھوں تین بار بیری کی بھگت
گرُد کی شکست پڑھ منتر ایشر دباچ چھو۔ مجرب بلکہ آزمودہ ہے۔ دیگر:۔ باندھنا
گرگ کا اگر کہیں راہ جنگل میں گرگ مل جاوے اس کے پڑھنے سے ہرگز پاس
نہ آوے گا منتر یہ ہے۔ باگ باندھوں بگھائن باندھوں باگھ کے بنے بچے باندھوں
رات گھاٹ سیدان باندھوں چھو لوبان اور دھوپ ملا کر آگ پر رکھے اور سات ہفتہ
سات بار ہر یکشنبہ کو پڑھتا رہے۔ وقت احتیاج کے کام آوے۔ دیگر:۔ اگر کسی
کو کھانا ہضم نہ ہو اور گرانی سے درد شکم یا حیرانی ہو تو گیارہ بار افسون کو بائیں
ہاتھ پر دم کرے اور وہی ہاتھ شکم پر پھیرے فوراً گرانی یا درد جو ہو دفع ہو جاوے
افسون یہ ہے اجر ہاتھ بجر ہاتھ بھسم کرے سب پیٹ کا بھات برکت حضرت شاہ
قطب عالم پنڈوی کی چھو مجرب ہے۔ دیگر:۔ واسطے دافع ہونے درد نیم سر کے

پہلے نوچندی جمعرات کو ایک سو ایک بار پڑھے اور لوبان آگ پر ڈالتا جاوے
تب عمل میں ہوگا اور ضرورت کے وقت سات مرتبہ پڑھ کے دم کرے مگر سر کو
اپنے ہاتھ سے پکڑے جہاں درد ہو منتر یہ ہے۔ بن میں جائی بندری آدھا کھائے
کھڑے محمدؐ بانگ دے آدھا سیی جائے۔ **دیگر**:۔ واسطے بواسیر خونی ہو خواہ
بادی تین مرتبہ پڑھ کے آبدست لیوے حکم خدا سے صحت پاوے گا آزمودہ اور
مجرب ہے منتر یہ ہے۔ خراسان کی جلتی شاہ خونی بادی دونوں جائیں۔ **دیگر**
اگر کسی کو دانتوں میں درد معلوم ہو تو بروقت منہ دھونے کے یہ منتر سات مرتبہ
پڑھ کے پانی سے کلی کرے اچھا ہو جائے گا منتر یہ ہے ہم اکسیر بتیس ہمری تمری
کونسی ریس ہم کمائیں تم بیٹھے کھاؤ مرت کی برہا سنگھی جاؤ۔ **دیگر**:۔ واسطے
عارضہ پسلی کے کہ لڑکوں کو ہو جاتا ہے دیوالی یا ہولی جس روز پڑھے اس روز
ایک مرتبہ پاک اور صاف ہو کر پڑھے اور لوبان آگ پاچکدستی میں ڈالتا
جاوے تب عمل ہوگا وقت ضرورت کے لکڑی رام سر اور سات سنگین کری سات
انگل ناپ کے کاٹ لے اور بعد اس کے اس منتر کو سات بار پڑھے اور دونوں
چیزوں سے جھاڑے دونوں چیزیں بڑھ جائیں گی جب عارضہ دفع ہو جائے گا۔
تب بدستور موافق انداز کے رہے گی منتر یہ ہے۔ سمندر کے کنارے سر دگائے
کے پیٹ میں باچھا باچھ کے پیٹ میں کلیجہ کلیجہ کے پیٹ میں ڈب
ڈب گھٹے کھوڑ کے چھو۔ **دیگر**:۔ واسطے بواسیر کے اکسیر ہے کا کا کرتا کردر
کرتا سو ہووے جو رسنا رش پر گھٹے بٹھا در دکیوں نہ ہووے دو اس
پاٹ کرے جو کوئی بادی کبھی نہ ہووے۔ الیشر باچھا مہابیر کا منتر
سانچا:۔

فصل دوسری اسمائے معظم کے بیان میں

واسطے حب کے بے نظیر ہے چاہیے کہ روز شنبہ کو سات مرتبہ آیت شریف پڑھ کے آگ پر ڈالے اور نام اپنا مع والدہ و نام مطلوب پر لادے اسم یہ ہے قل افلا توعدون الی اخر۔ دیگر:۔ واسطے حب کے یہ آیت شریف اکیس مرتبہ مرچ سیاہ پر پڑھ کے دم کرے اور آگ میں چھوڑ دے سہ شنبہ اول سے سہ شنبہ سوم تک یہ عمل کرے مطلوب حاضر ہو آیت شریف یہ ہے۔ وانه علی ذلک لشهید۔ انه لحب الخیر لشدید۔ فلاں بن فلاں حب فلان بن فلاں ساتھ عمل کے کہتا جاوے۔ دیگر:۔ واسطے حب کے بروز پنجشنبہ پڑھنا اختیار کرے اور چاہیئے چہار شنبہ سے پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ جس کسی کو چاہے مطیع ہو جاوے اسم یہ ہے۔ یا مقلب القلوب والابصار کو خلیفہ اولیاء موافق عدد اسم مطلوب کے پڑھے۔ دیگر:۔ اگر کوئی شخص چاہے کہ فلاں عورت مجھ پر عاشق ہو جاوے اتوار یا منگل کو لکڑی انجیر کی اور مادہ سگ کو وہ لکڑی مارے پھر اس لکڑی کو جلا دے جبکہ وہ لکڑی راکھ ہو جاوے تو اپنے پیشاب میں اس کی گولیاں بنا دے اور بروز مذکور ایک گولی جس عورت پر چاہے مارے عورت فریفتہ ہو۔ دیگر:۔ اگر چاہے کہ کسی کو مسخر و مبتلائے محبت کرے یہ دعا لو چندی جمعرات کو ایک سو ایک مرتبہ پڑھے اور لوبان سے دھونی دے اور خوشبویات مثل عطر و گل خوشبودار وغیرہ کے پاس رکھے پھر اگر سات بار پھول خوشبودار پر دم کرے جس کسی کو سونگھا دے فریفتہ ہو جاوے اور حاکم ظالم یا دشمن کے پاس جاوے تین مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے مہربان ہو جاوے اور اگر سات مرتبہ

شربنی پروم کر کے کھاوے فریفتہ ہو دعا یہ ہے۔ ھیا اشـراھیا اجلی لونی
واعتونی یامرکم بحق الوہ ھنکیور سا شیس دن اللہ کورے
لمت بے لمنہ جوکنی عواری عماری شتاری اسر لوہ سلیمان
کشمیری بحق ہمٰہ وسمہ بحق التوریت والانجیل والزبور
والفرقان ومہر محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم
دیگر:۔ واسطے ہر مہم کے خصوصاً بغرض ازو باد محبت یا دسعت رزق کے اس دعا
کو بعد نماز عشار کے ایک ہزار ایک سو گیارہ مرتبہ مع اول وآخر گیارہ گیارہ بار
درود شریف کے پڑھے اور خوشبو بھی جلاوے اور وقت پڑھنے دعا کے اس امر کا
خیال کرے کہ جناب باری بوسیلہ فرشتوں کی میری دعا حضرت غوث پاک تک پہنچا
دے گا اور وہی میرا کام بنا دے گا ورنہ سوائے ذات علام الغیوب کے کوئی
کسی کو آفت سے بچا نہیں سکتا اور رتبہ حاضر وناظر کا کسی کو حاصل یہ دعا ہے
"یا حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی شیئاً اللہ"۔ دیگر:۔ اگر تکلیف جننے کے یہ
دعا لکھ کر کمر عورت میں ریسمان سے باندھے فی الحال بلا محبت تکلیف بچہ پیدا
ہو جاوے لیکن بعد فراغت تعویز کو کھول ڈالے ورنہ جو کچھ پیٹ میں ہو گا گر
پڑے گا دعا یہ ہے۔ لاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم۔ کی
دھونی لوبان سے عمل میں لاوے۔ دیگر:۔ کسی کی دیوار شق ہو گئی ہو اور شک
گر جانے کا ہووے تو یہ دعا لکھ کر دیوار پر چسپاں کرے جب تک یہ پرچہ
دیوار پر رہے گا۔ ہرگز نہ گرے گی دعا یہ ہے بحق شاہ دین معروف کرخی بماند
سالہا دیوار ترقی کہ در زبان علی موسیٰ رضا بود علی موسیٰ رضا بادے رضا بود
بعدازاں کچھ خیرات دیوے۔ دیگر:۔ نقل ہے امام ناطق جعفر صادق سے
جو عورت سورۃ نون کو زعفران سے لکھ اپنے پاس رکھے جلد حاملہ ہو جاوے

اور جس درخت میں لکھ کر باندھے جلد بارور ہو جاوے مگر ہر نوچندی جمعرات لوبان سے دھونی دے کر عمل کرنا واجب ہے اور دعا یہ پڑھے۔ ھو ھو ھو ھو ھو ھو ھو ھو ھو حی حی حی حی حی حی حی قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم صلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہٖ محمد وآلہ واصحابہ اجمعین۔ دیگر: زیادتی دودھ کے واسطے یہ آیت تین مرتبہ نمک پر پڑھ کر دم کرے اور عورت کو کسی غذا میں کھلاوے بفضل الٰہی دودھ اس قدر زیادہ ہوگا کہ چار لڑکے پئیں اور آسودہ ہوں شیر کم نہ ہووے آیت یہ ہے۔ دیگر: یہ اسم اعظم وقت نیم شب کے روز پڑھے فتوح غیب اول بسم اللہ گیارہ مرتبہ پڑھے بعدہٗ اسم یا عزیز ایک ہزار ایک سو بار پڑھ کر گیارہ دفعہ یا رحیم یا کریم ورد زبان کرے ایک چلہ بہ طہارت عمل میں لاوے حل ہو جاوے۔ دیگر: واسطے فراغت معاش کے اگر شب کو اسم یا غفور ہزار مرتبہ پڑھے بعدہٗ اکیس روز کے فائدہ اس کا ظہور میں آوے بہت مفید اور آزمودہ ہے۔ دیگر: واسطے ہر مطلب کے خواص کیمیا رکھتا ہے چاہیئے کہ سوا پاؤ آٹا ماش کا خمیر کر کے جائے پاک میں اپنے ہاتھ سے ایک روٹی پکاوے اور دو تہ کر کے رومال پاک میں رکھ کر چہارم حصہ نان کی مثل کنار صحرائی کے گولیاں بنائے اور ہر گولی پر اسم مذکورہ ذیل ایک مرتبہ پڑھے بعدہٗ تمام گولیاں معہ باقی روٹی کے جس دریا میں کہ مچھلیاں بہت ہوں چھوڑ دے اسم یہ ہے یا اسرائیل بحق یا اللہ اگر چالیس روز عمل میں لاوے مراد دلی بر آوے یہ بھی مجربات مولف سے ہے۔ دیگر: درد اعضا کے یہ اسم پر اثر کاغذ پر لکھ کر درخت نیب یا انار پر چسپان کرے اور جس مقام پر درد ہو مطابق نشان اشعار ذیل کے اسی حرف پر میخ آہنی ٹھونک دے۔ درد رفع ہو جاوے

بحق یا اللہ اسم یہ ہے یا سموئی والمطانی ط

دردِ سر دریا بزن وندان یٰسین — میم را در خلق زن اے ہمنشین

نیم سر در عین زن درد او گوش — بہر تپ در تا بزن فارغ نشین


بروقت میخ ٹھونکنے کے بیمار سے وعدہ کرالے مگر وعدہ کم ہو جب تک وعدہ نہ ہو گزرے گا۔ اس مدت تک درد وہاں نہ ہوگا۔ بعد گزرنے وعدے کے پھر ہو گا۔ بہت مجرب اور آزمودہ ہے۔ **دیگر:۔** یہ شعر واسطے دردزہ کے لکھ کر پلا دیں دردزہ فوراً دفع ہو گا ؎

بہر یک قطرہ آب جگرت لشکا قدر اے صدف
تشنہ بمبر دسو بنساں منگشت۔ بہت مجرب ہے

دیگر:۔ عمل دردِ سر قولہٗ تعالیٰ۔ سَلٰمٌ قَوۡلًا مِّنۡ رَّبٍّ الرَّحِيۡمِ ؕ سات بار اس آیت کو پڑھ کر سر پر دم کرے درد نہ رہے گا۔

فصل تیسری نقشیات کے بیان میں

دیگر:۔ واسطے محبت و دوستی کے گوسفند کے شانے پر منہ نام چاروں آدمیوں کے لکھے اور چولہے یا تنور میں دفن کرے مطلب بر آوے۔ نقش یہ ہے۔



دیگر:۔

یہ نقش بساعت نیک بائیں ہاتھ پر لکھ کر مطلوب کو دکھلا وے فرمان بردار ہو جاوے نقش یہ ہے۔ ۷ ۱۱ ۷۷۵۷۱۲۹۴۱۸۱۵۱۱۱ ۶۵ ۵۸۱۸۱۰۴ فلاں بن فلاں

دیگر:۔ اگر چاہے کہ اپنے عشق میں کسی کو دیوانہ کرے یہ تعویذ بروز دوشنبہ مطلوب پارچہ سفید پر لکھ کر ملاحظہ کرے اور اسی نقش کو ساعت نیک میں فتیلہ بنا کر روغن میں جلا دے۔ مطلوب جلد حاضر ہو۔ نقش یہ ہے۔ ط ۱۱ ۲ ۷ ۱۴ ۱۴ ط ۱۱ ۱۸ ۱۵ فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں


دیگر:۔ واسطے جمعیت دنیا و تسخیر کے لاثانی و بے نظیر ہے چاہیے کہ پیش از طلوع آفتاب تازہ انار کی شاخ سے لکھ کر قدرے ٹکر اس پر رکھے اور آفتاب کو ملاحظہ کرا کے بہتر روز تک دریا میں چھوڑ دے بعد ازاں دو نقش بطور زکوٰۃ کے لکھتا رہے اور قدرے شرینی اس پر رکھ کر دریا میں چھوڑ دے۔ بعد ازاں دس روز یا ہفتہ کے اس کا معائنہ کرے مگر عروج ماہ میں شروع کرے نقش یہ ہے۔

۱۸	۴۸	۱۶
۱۱	۳۴	۲۶
۴۲	یا باسط	۳۰

دیگر:۔ پوست ہدہد سایہ میں خشک کرے اور بروز یکشنبہ یا سہ شنبہ اس پر یہ تعویذ لکھ کر لوبان سے دھونی دے کر کمر میں باندھے اور ہم صحبت ہو ماندہ نہ ہو۔ نقش یہ ہے۔

۷	۱	۸
۶	۲	۳

دیگر:۔ اس تعویذ کو لکھ کر بروز یکشنبہ بعد نماز صبح کے مسجد یا خرابہ یا خانہ مطلوب میں دفن کرے خوب مطلوب کا بستہ ہو یعنی کہ جب تک طالب پاس مطلوب کے نہ آوے بے قرار رہے اور نیچے تعویذ کے نام اپنا اگر مرد ہو نام معہ والدہ اور نام مطلوب کا اگر عورت ہو مع نام والدہ اس کی کے لکھے کہ اس طرح۔ فلاں بن فلاں بستم خواب فلاں بنت فلاں علیٰ حب فلاں بستہ گرد تعویذ اُ ے صفحے پر ہے۔



دیگر:- اس نقش کو بروز یکشنبہ دھونی لوبان کی دے گوشہ زمین میں دفن کرے اور اس پر میخ آہنی گاڑ دے اور زیر تعویذ لکھ دے اور زبانی بھی کہہ دے کہ خواب اور آرام فلاں بن فلاں یا بنت فلاں بن کا بستر ہو اور مبتلا میرا یا میری کہ بیقرار رہے۔ نقش مکرم یہ ہے۔


۷۸۶

یعع	مرع	عع	ععع	ععع
۰	۲مر	مرمر	ججج	جج
۰	۲	۲۲	۸۲	۷۲

دیگر:- قل ہو اللہ کی بھی وہی تاثیر ہے چاہیے کہ بطہارت تمام یہ نقش اپنے پاس رکھے اور پڑھے بعد اکیس روز کے اثر اس کا معاینہ کرے۔


۵۰۰	۵۰	۳۰۰	۲۰۴	۲۰۰	۸۶
۳۰۰	۷	۳۰۰	۲۴	۳۰۰	۹۸۸
۳۰۰	۸۱۱	۳۰۰	۱۰	۳۰	۱۸

دیگر:- اس نقش کو روز یکشنبہ یا سہ شنبہ سات پتوں پیپل پر لکھ کر آگ میں چھوڑ دے مطلوب بیقرار ہو کر حاضر ہو وے۔



فلاں بن ولجست فلاں بن العجل العجل العجل الساعۃ الساعۃ لوطا لوطا

دیگر:۔ اگر یہ شکل لکھ کر کنوئیں میں چھوڑ دیں اور ہر نقش میں مطلوب
کا نام لکھے
مطیع اور
فرمانبردار ہو
شکل یہ ہے۔




دیگر:۔ اگر چاہے کہ درمیان دو شخصوں کے الفت کامل پیدا ہو روز
یکشنبہ کو یہ طلسم لکھ کر پانی میں دھو کر طالب و مطلوب کو پلا دے کبھی جدا نہ
ہوں۔ صورت یہ ہے۔ ١٣١١٥١٥١١١ ٨٨ ٩٩١١١١

دیگر:۔ واسطے محبت اور مطیع کرنے کے چاہیئے کہ بروز پنجشنبہ سفید
کپڑے پر تعویذ لکھ کر آگ میں جلادے اگر پانچ پنجشنبہ تک یہ عمل کرے
مطلوب حاضر ہوگا۔ نقش یہ ہے۔

٣٤٩٩ ح ح ح ع ع ع ٤ ٤ ٢ طو کا فلاں بنت فلاں

دیگر:۔ واسطے حب کے آزمودہ اور لاجواب ہے چاہیئے کہ بروز سہ شنبہ
ایک روٹی جو کی بطہارت تمام پکا کے آٹھ ٹکڑے کرے اور یہ آٹھواں اشکال آٹھوں
پر لکھ کے اگر واسطے مرد کے لکھے تو سگ کو اور اگر واسطے عورت کے ہو تو مادہ
سگ کو کھلا دے اور بوقت کھلانے کے یہ کہہ دے کہ اگر محبت نہ ہوگی تو تجھ
کو کر ڈالیں گے۔ وہ نقش یہ ہے۔



دیگر:۔ جمعہ یا پیر کو یہ نقش مطلوب کے بالوں میں لپیٹ کر سات روز
جلادے مطلوب فریفتہ و شیدا ہو جاوے۔ نقش یہ ہے۔

د	١١	٨	١١	٨	٨	٣
ر	ر	د	ر	٢١	٧	٨
٨لا	٨	١١	١١	٨ع	٨	ر

دیگر:۔ واسطے حب کے اتوار روز تین ٹکڑے روٹی کے کر کے اور ان پر یہ شکل لکھ کر کتے کو کھلاوے اور پارچہ ہائے نان مذکور پر نام مطلوب کا مع مادر اور نام اپنا مع والدہ اپنی کے لکھے اور وقت کھلانے کے کتے یہ کلمات کہے اگر موافقت نہ ہوگی تجھ کو ہلاک کر دونگا۔ نقش یہ ہے۔

اع ب ا د د س

دیگر:۔ واسطے عداوت کے دو شخصوں میں نفاق ہو جائے۔ یہ نقش کاغذ پر لکھ کر اس شخص کے گھر دفن کر دے۔ بعد ایک ہفتہ کے جدائی اور نخشش طرفین معائنہ کرے مگر زیر تعویذ نام دونوں شخصوں کا لکھ دے۔ اس طرح پر

۱۹۶۱۶ ۱اعه ولا۷۷عه ۸۸مم طط۱۱۱۱۲۱۹۹۹ ۷۷۷ ح۱م م ط عه عه

دیگر:۔ واسطے عداوت کے بروز شنبہ نزول ماہ میں کاغذ سیاہ پر لکھ کر اور وہیں زاغ میں لکھے آگ میں چھوڑ دے اور چراغ خام پر بھی لکھ کر آگ میں چھوڑنا لکھا ہے۔ مگر وہ بہت درست ہے۔ اجازت غلام علی شاہ صاحب فقیر کی مکمل ہے۔ نقش یہ ہے۔

الف				راق
اله	الفراق	الفراق	الفراق	راق
ک	الفراق	الفراق	الفراق	ا
	الفراق	الفراق	الفراق	و

دیگر:۔ اگر نقش معظم میں فوائد ہیں۔ چنانچہ محبوس اگر اس نقش کو زمین یا تختہ جواب پر قلم انار سے بموجب ترکیب مرقومہ ذیل کے لکھے۔ جلد رہائی پاوے اگر لکھنا نہ جانے تو لکھوا کر پاس رکھے یا دیوار قید خانہ پر تحریر کرے یا لکھوا دے بشرطیکہ بلا قصور قید ہو گیا ہو اور اگر درمیان زن و شوہر کے نفاق ہو تو ہر ایک چلہ بھر لکھنے سے محبت پیدا ہووے اور بحفظ خوف زدگی تختہ نقرہ پر منقش کر دا کے گردن کو دگ میں پہنا دے۔ ڈر اور خوف وغیرہ سے محفوظ رہے گا اور کسی حال میں

زسال نہ رہے گا اور واسطے خوف حاکم کے اپنے پاس رکھے امن و امان میں رہے گا اور واسطے مردم فراری کے پشت نقش پر نام اس کا لکھ کر زیر سنگ دبا دے تو انشاءاللہ تعالیٰ گریختہ پھر آوے گا۔ اگر چاروں کونوں پر کھیت کے دفن کرے تو وہ کھیت مور اور ملخ سے محفوظ رہے بلکہ آفات البیت کے واسطے بھی مفید تر ہے چاہے کہ پیشتر بموجب قاعدہ عملیات کے اس پر حاوی ہو اور نقش ہذا کو شرف قمر اور ساعت نیک میں شروع کرے اور بموجب نشان ہندسہ کے ہر خانہ میں لکھے یعنی عدد ایک سے عمل کرے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

احد ۴	حی ۹	خبیر ۲
لطیف ۳	بصیر ۵	کبیر
قدیر ۸	واجد ۱	باری ۶

دیگر:۔ اس نقش میں خواص کثیر میں خاص کر واسطے کشائش و دنیوی کے بے نظیر لیکن بیشتر اس ترکیب سے عامل ہونا چاہیئے کہ بیس عدد تعویذ بلا ناغہ چالیس روز تک وقت صبح لکھے اور دریا میں چھوڑ دے۔ بعد ایک چلہ کے پندرہ روز تک قلم شاخ ازمایا دتک سے لکھے اور پشت تعویذ پر مطلب دلی لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں چھوڑ دے اور بعد حصول مطلب کے زکوٰۃ بھی دینا چاہیئے۔ یعنی فقراء اور مساکین کو کھانا کھلا دے یا دو نقش بابت زکوٰۃ کے ہر روز لکھ کر ہمراہ نقش مطالب کے دریا انداز کرتا رہے۔ نقش مکرم و معظم یہ ہے۔

۷۸۶

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

دیگر:۔

یہ نقش یا بدوح کا واسطے طالب حاجات کے اکتالیس نقش لکھ کر طاق میں رکھ دے اور اگر پتھر گراں بار نقش پر رکھے بعد چالیس روز کے

نقش مذکور نکال کر دریا میں ڈالے جو نقش کہ حسب میں آگے ہو جاوے اس کو لے کر دستار یا ٹوپی میں سر پر نگاہ رکھے تاثیر نقش ہذا کا تماشا دیکھے وہ نقش یہ ہے۔

٧٨٦

٨	٦	٤	٢
٢	٤	٦	٨
٦	٨	٢	٤
٤	٢	٨	٦

دیگر:۔ یہ نقش بروز یکشنبہ سکورہ آب تارسیدہ پر لکھ کر سات بار سر سے پاؤں تک مریض پر اتارے اور آتش بے درد یعنی کولوں کی آگ میں چھوڑے بعد تھوڑے عرصہ کے چراغ کو آگ سے نکال کر دیکھے اگر حروف سفید نظر آویں آسیب جن معلوم کرے اگر حروف سرخ ہوں تو آسیب چڑیل و جوگنی کا سمجھے اگر حرف غائب ہو جاویں۔ آسیب غائب کا تصور ہے اگر حروف اصلی رہیں تو بیماری بدنی و عارضہ جسمانی تصور کرے۔ نقش یہ ہے۔

مصلمصلحه ٢٥١١٣١ لاع ٢٤١١٢٢٩٦٤٢١ طدواس ہ

دیگر:۔ یہ نقش ۴۳ کا واسطے رزق دنیوی کے بہت موثر و آزمودہ کار ہے چاہیئے کہ ۴۳ نقش ہر روز علی الصباح بطہارت تمام ۴۳ روز تک لکھ کر کنوئیں میں چھوڑدیں۔ بعد ازاں ١٦ نقش ١٦ روز تک لکھ کر چاہ انداز کرے بعد اس کے چار نقش بطور زکواۃ کے لکھ کر کنویں میں چھوڑیں اگر صدق دل سے یہ عمل کرے درمیان دو مہینے کے مراد دلی حاصل ہو۔ عروس مرام سے ہم کلام متواصل ہو۔ نقش یہ ہے۔

٧٨٦

٨	١١	١٤	١
١٣	٢	٧	١٢
٣	١٦	٩	٦
١٠	٥	٤	١٥

دیگر: ترکیب استخارہ حضرت نظام الدین اولیاؒ بعد طہارت اور وضو کے ہزار بار لا الٰہ سے الا اللہ تک پڑھے اور مثلث کو لکھ کر سرہانے رکھ لے اور جو کچھ مدعا دلی ہو اس پر خیال کرکے سو رہے اور عدد اکاون سے عمل تحریر کرے۔ نقش معظم یہ ہے۔

۷۸۶

۵۶	۵۱	۵۸
۵۷	۵۵	۵۳
۵۲	۵۹	۵۴

دیگر:

یہ تعویذ مکان یا کھیت کے چاروں گوشوں پر دفن کرنے سے موش و ملخ وکل حیوانات سے حفاظت رہتی ہے اور محافظت لڑکوں کے لئے بھی مفید ہے اور موثر ہے اور بخارات کو صحت بخش اور محبوس کے واسطے نافع شدید ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۵	۱۲	۹	۱۶	۳
۱۹	عد	۲۱	۸	۲۰
۹	۱۶	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۱۵	۵	۱۲	مطے
۲۳	۱۰	۷	ع	۱۱

دیگر: واسطے مزاحمت موش وکژدم و ملخ کے ہر ایک ٹھیکری کوری پر لکھے اور ایک سو ایک مرتبہ یہ اسم اس ٹھیکری پر دم کرکے چاروں کونوں پر مکان یا کھیت کے دفن کردے بارہا آزمایا ہے۔ مجرب پایا ہے۔ اسم یہ ہے یا سلویا یا اہیا یا اشراہیا یا خموسا تو اور نقش یہ ہے۔

۷۸۶

و۳و	ع۳ع	ع۹ع	عے
ظلا	۹۱۵	ملحار	۵
سی موسو	ہجرج	سی۲	ع اسا

دیگر:

واسطے تپ لرزہ کے سریع الاثر ہے۔ چاہیے کہ نقش ہذا لکھ

کر گردن مریض میں باندھے۔
اور ہر ایک نقش روز دھو کر پلا دے۔ صحت حاصل ہو۔ نقش یہ ہے۔

٧٨٦

٨٥٥	٨٦٠	٨٦٤	٨٥٠
٨٥٣	٨٥٧	٨٥٦	٨٦١
٨٥٦	٨٦٦	٨٥٨	٨٥٥
٨٥٩	٨٥٤	٨٥٣	٨٦٠

دیگر!

یہ نقش بارہ عدد ہر روز لکھے اور فتیلہ بنا کر آگ میں جلا دے اور خاک اس کی دریا میں ڈالے مفصل حقیقی فتوح غیب واسطے عامل کے حاضر ہو۔ بلکہ کچھ روز کے بعد روزینہ مقرر ہو جاوے۔ نقش مکرم و معظم یہ ہے۔

٧٨٦

ے	خ	خ
ع	٨	ے
٦	٨١١	٩

دیگر:

یہ نقش ناد علی سے واسطے دفع جمیع آفات واسطے خلاصی محبوس کے مجرب ہے۔ نقش یہ ہے۔

٧٨٦

١٠٢٨	١١٣٢	١١٣٥	١١٣١
١١٢١	١١٢٢	١١٢٧	١١٢٤
١١٣٤	١١٢٧	١١٣٠	١١٣٥
١١٣١	١١٣٥	١١٢٤	١١٣٦

دیگر: یہ تعویذ درمیان عصر و مغرب کے باوضو و طہارت کے لکھ کر کمر میں باندھے۔ واسطے امساک اور دفع سرعت انزال کے بے مثال ہے۔ نقش یہ ہے

د ٥	٣	د ٢
٩	١١ ١	٧
الگردانی واگردانی برائی		

دیگر:۔ اس تعویذ کے تین نقش ہر روز لکھے اور تین گولیاں بنا کر چالیس روز دریا میں ڈال دے عامل ہو جاوے۔ واسطے دفع درد سر کے مجرب ہے۔ اگر لکھ کر سر میں باندھے درد رفع ہو جاوے تعویذ یہ ہے۔

۷۸۶

۲	۷	۶	۵
۶	۵	۲	۷
۵	۶	۷	۲
۷	۲	۵	۶

دیگر:۔ یہ نقش علی الصباح کہ پیشتر کسی کا منہ نہ دیکھا ہو پہلے معائنہ کرے۔ تمام دن کچھ غیب سے ملے اور تمام دن خوشی سے گزرے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

بسم ۵	اللہ ۲	الرحمن ۵	الرحیم ۱۶
۱۰	۱۵	۶	۲
۸	۱	۱۲	۱۳
۱۱	۱۴	۷	۲

دیگر:۔ واسطے وابستہ کرنے شمشیر کے یہ تعویذ لکھ کر بطور امتحان بزنر کی گردن میں باندھ دے اور تلوار کا وار کرے۔ ہرگز خط نہ پڑھے گا۔

دیگر:۔ یہ واسطے درد نیم سر کے مجرب ہے۔ چاہیئے کہ بروز یکشنبہ یا سہ شنبہ لکھ کر دھونی لوبان کی دے کر سر میں باندھے بفضل خدا درد رفع ہو جاوے گا۔ نقش مکرم و معظم یہ ہے۔

۷۸۶

۱۸	۲۲	۲۹	۲۶
۳۰	۳۵	۱۹	۳۱
۳۴	۲۷	۳۴	۳۱
۳۳	۲۱	۳۳	۳۸

دیگر:۔ اس نقش کو کاغذ پر سیاہی سے لکھ کر جو

لڑکا بہت روتا ہو اس کو
گلے میں باندھے۔ ہرگز نہ
روئے گا۔ نقش یہ ہے

۱۷	۲۴	۲	۷
۶	۳	۲۱	۳۰
۲۳	۱۴	۸	۱
۴	۵	۱۹	۲۲

دیگر:-

اس نقش کو سیاہی
سے کاغذ پر لکھ کر مدعی کے دروازے
پر دبا دے اس کے گھر میں ہر وقت
لڑائی ہوا کرے جس وقت کہ اکھاڑ کے
پھینک دے۔ لڑائی موقوف ہو نقش یہ ہے

۳۱	۳۱	۳۱	۳۱	۳۱	۳۱
۳۱	۳۱	۳۱	۳۱	۳۱	۳۱
۳۱	۳۱	۳۱	۳۱	۳۱	۳۱
۳۱	۳۱	۳۱	۳۱	۳۱	۳۱

دیگر:-

جس کسی کو دوا
اثر نہ کرتی ہو یہ نقش لکھ کر اس
کے گلے میں باندھ دے دوا فائدہ
کرے گی آزمودہ ہے نقش یہ ہے۔

۱۴	۱۹	۱۲
۱۳	۱۵	۱۷
۱۲	۱۳	۱۲

دیگر:-

یہ نقش اتوار کو
سیاہی سے کاغذ پر لکھے اور اوند
گلی میں باندھ دے شفا پا دے
نقش مکرم و معظم یہ ہے۔


۷	۲	۹
۸	۶	۴
۳	۸	۵

دیگر:-

یہ تعویذ واسطے
تپ لرزہ کے لکھ کر بروز نیک
گلے میں باندھے نہایت مجرب
ہے وہ یہ ہے۔

۱۴	۷	۴	۳
۶	۳	۶	۵
۷	۳	۴	۱۴
۴	۱۴	۳	۷

دیگر: کسی کو کسی طرح درد اور تکلیف ہو تو اس نقش کو لکھ کر لگایا جاوے۔ خدا نے چاہا جو درد تکلیف لکھتے لکھتے دفع ہو جائے گا۔ مجرب ہے۔



دیگر: اگر یہ نقش بیس کا بقلم انار و صندل سرخ سے سوا لاکھ مرتبہ لکھے اور گولیاں آٹے میں باندھ کر دریا میں ڈالے عمل پھر جس مطلب کے واسطے یہ نقش لکھے جلد حاصل ہو نقش کرم و معظم یہ ہے۔

	ھ
ھ	ھ
ھ	ھ

دیگر: یہ تعویذ واسطے درد نیم سر کے لاجواب و لاثانی ہے۔ لکھ کر روز یکشنبہ یا سہ شنبہ کو سر میں باندھیں درد رفع ہو جاوے۔ نقش مکرم و معظم یہ ہے۔

		۱	
۳	۸	۱۰	
	۷	۹	۴
		۵	

دیگر: اگر کوئی عورت دردزہ میں مبتلا و غمناک ہو چاہیے کہ نقش لکھے اور دھو کر پلا دے۔ بعنایت ایزدی صحت ہو۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵	۲۰	۲۱	۶	۲۱	۱ع
لا	۱	۱۸	۱	۱۴	۴۲
٠	٠	٠	٠	٠	۹
د	۷	۵	۱۲	۲۱	۵
۷	۱	د	۹	۴	۳

دیگر :- یہ تعویذ واسطے درد ناف کے لکھ کر ناف کے اوپر باندھیں درد دفعہ ہو جائے۔ نقش مکرم یہ ہے

۷۸۶

امرہ	علیٰ	غالب	واللہ
ولکن	امرہ	علی	غالب
لا	ولکن	امرہ	علی
یبصرون	لا	ولکن	امرہ

دیگر :- واسطے آسیب کے دیو پری وچڑیل وغیرہ کے تیل میں ملا کر صاحب آسیب کو دھونی دے کر صغط جو کوئی سر ہو گا حاضر آئے گا۔ صد اور قدرے خوشبو شیرینی پاس رکھے طلسم یہ ہے۔

صدھ	۱ ۲ ۷ ۲ ۱ ۲ ۱ ۸ د د
مدحد	۵ ۷ ۰ ۹ ۹ ۰ ۰ د د
بھر کہ در د و جو د فلاں بن فلاں مرحمت برسانہ	

دیگر :- اگر یہ فتیلہ جس وقت کہ آسیب سر پر آدے اور اپنے تئیں نہ ظاہر کرے کہ میں کون ہوں فتیلہ لکھ کر اور سیاہ سوت اس میں لپیٹ کر جلا دے اور دھونی اس کی ناک دے فوراً ظاہر کرے فتیلہ یہ ہے۔

۷۸۶

سرپائی طلسم لغت	زبانی	سرمائی لغت
۵۵۵	۵۵۷۰	۵۵۳
۵۵۹	۵۵۲	۵۵۴
۵۵۱	۵۵۶	۵۸۸
	حواری ازپے	مسلمانی


دیگر :- واسطے درد پیٹ کے یہ نقش گھول کر پلا دے۔ بحکم خدا فوراً صحت ہو جاوے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۵	۲	ص
۲	لاھ	جا
مح	کن	سا

دیگر :- واسطے خرابی اور بربادی دشمن کے ساعت زحل میں کہ قمر در عقرب

ہو۔ نقش ہٰذا کو گدھے کے چمڑے پر لکھے اور اعداد نام دشمن کے ماہ اسم مادر دشمن نیچے نقش کے لکھ کر زیر چوکھٹ دشمن کے دبا دے اور اگر ممکن ہو تو اس کے آنگن میں دبا دے۔ اگر یہ بھی نہ ہو تو اس راہ میں جدھر سے وہ آتا جاتا ہو نقش ہٰذا دفن کرے انشاءاللہ دشمن پر فتح یاب ہوگا۔ نقش معظم یہ ہے۔




دیگر :۔

یہ نقش واسطے رہائی قید بلا قصور کے کو لکھ کر جنگلی کبوتر کی گردن میں باندھ کر چھوڑے محبوس جلد رہا ہو جاوے قیدی کا نام معہ نام والدہ اس کی کے لکھے۔ مجرب ہے۔ نقش معظم یہ ہے۔

۳۴	۳۳۸	۳۳۳	یا حافظ
۳۳۸	۳۳۳	۳۳۳	یا حافظ
۳۳۵	۳۳۷	۳۳۷	۹۹
یا حافظ	یا حافظ	۹۹	〃

دیگر :۔ اگر کسی کو مرگی آتی ہو یہ اشکال مشک و زعفران سے لکھ کر بساعت نیک مریض کی گردن میں باندھ دے حکم الٰہی سے مرگی دفع ہوگی مگر تینوں شکلیں فاصلے سے برابر ہوں



دیگر :۔ اگر واسطے افزوائی عقل کے اگر یہ نقش ہر روز اثر تمام رکھتا ہے اور خانہ چہارم سے عمل شروع کرے۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۱۱	۱۲	۱۳
۴	۲	۷	۶
۶۱	۱۶	۹	۱۴
۱۰	۵	۴	۴

دیگر:۔ اگر یہ نقش بھوج پتر لکھ کر جس کسی کو گلے میں یا بازو پر باندھے۔ نظر نہ لگے گی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۵	۱۸	۱۰	۷
۱۸	۷	۳۵	۱۰
۷	۱۸	۱۰	۳۵
۱۰	۳۵	۷	۱۸

دیگر:۔
نقش معظم واسطے اس کے جو دھرن ٹل جاوے اگر اس تعویذ کو کچے سوت جو کہ عورت کنواری کے ہاتھ سے کتا ہو لپیٹ کر کمر میں باندھے یا چاندی میں منڈوا کر کمر میں باندھ رکھے کبھی دھرن نہ ٹلیگی مگر بعد صحت کے سوا ملیدہ بنا ہوا کسی فقیر کو کھلاوے اور سوا گز پارچہ اس کو اوڑھا دے آزمودہ سریع الاثر ہے۔

۷۸۶

۱۹	۲.۶	۲	۷
۶	۳	۳۴	۳۲
۲۵	۳	۸	۱۰
۴	۵	۲۱	۳۴

دیگر:۔ یہ نقش واسطے افزوائی مال و دولت کے انگوٹھی میں کھدوا کر پاس رکھے۔ یہ فضل ایزد متعال مال و منال سے خوش حال رہے نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ع	و ۶	و ۲	ب ۲
ب ۲	ر ۲	د ۶	خ ۲
ر ۲	ع ۲	ب ۲	ر ۲
ر ۲	ب ۲	ح ۲	د ۲

دیگر:۔ اگر یہ تعویذ پنجشنبہ کو لکھ کر کمر میں باندھے۔ شاہ مراد علی نے فرمایا ہے۔ قوت زیادہ ہو تعویذ یہ ہے۔

د	س	لا	
م	ع	ف	ط
د	ق	ص	خ

دیگر:۔ یہ نقش شنبہ کو لکھ کر سات دھاگے کچے سوت کے لپیٹ کر کان میں باندھے۔ درد اسی دم دور ہو۔ تعویذ بہت مجرب ہے۔ نقش یہ ہے۔

۱۱۱	۷	۷	۳	۱۸
۱۱۶	۱۲۵	۹	۳	۲
۱۵	۱ع	۱۹	۲	۲۲
۸۲	ع	۱۲۹	۲۲	ع
۱۲۵	۲۵	۷۱	۷	۶
عغ	۰	۵۱!	۱۱ ذ	ع

دیگر:۔ چاہیے کہ منگلوار یا اتوار کو سات دھاگے کچے سوت کے اس میں لپیٹ کر کمر میں باندھے۔ درد دفع ہو جاوے گا۔ نقش یہ ہے۔

۲	۹	۴
۷	۵	۳
۶	۱	۸

فالنامہ بیمار

چاہیے کہ سکورہ نو پر لکھ کر سکورہ دوسرا لب بہ لب کر کے سات مرتبہ مریض پر اتارے۔ بعدازاں جائے پاک میں زیر و زبر سکورہ و مذکور کے کوئلے جلاوے اور پھول اور مٹھائی پر روح رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم کی فاتحہ کرے جب کہ آگ سرد ہو جاوے حرف سکورہ مذکور پر نگاہ کرے اور اگر حرف سرخ ہو جائیں شیطان کا دخل ہے اگر زرد ہوں نظر ہے۔ اگر حروف غائب ہو جاویں سحر وجادو ہے اور اگر حروف محنتہ قائم رہیں۔ بیماری ہے۔ یہ حروف کورے سکورے میں لکھے۔ طلسم یہ ہے.

ے ۱۱ ۱۱ ۷۱ ۹۱۱ ۱۱۱ ۹۲۸۶۹ ع ا ۵ ۸ ۷ ط

دیگر: یہ تعویذ واسطے شیطان کے ہر روز لکھ کر پلاوے.

قل	ھو	اللہ	احد	اللہ	الصمد	لم	یلد
ھو	اللہ	احد	اللہ	الصمد	لم	یلد	ولم
اللہ	احد	اللہ	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد
احد	اللہ	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم
اللہ	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن
الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	لہٗ
لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	لہٗ	کفواً
یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	لہٗ	کفواً	احد

دیگر: یہ نقش عجیب وغریب برآرندہ حاجات دلی و بخشندہ مرادات قلبی قولہ الحق ولہ الملک سی مرتب اور نہایت مجرب ہے چاہیئے کہ جو مطلب انسان کا ہو ایک کاغذ پر لکھ کر اعداد حروف اپنے مطلب بحساب ابجد جمع کر کے میزان دے اور جو میزان کہ اعداد مطلب کی ہو اسی اعداد میزان پر ایک عدد زیادہ کرتے ہوئے بروش اسپ شطرنج خانہ ہائے نقش میں رکھے بعد خانہ پری مذکور کے خانہ بائیں میں چھوڑ کر اعداد نقش کی میزان دے جو میزان کہ داہنے سمت کی ہوگی. اسی قدر آیت مذکورہ ذیل ورد کرنی ہوگی اور میزان کہ مابین سمت کی ہے. اس اعداد سے نام موکل دہندہ مراد کا برآمد ہوگا اور وہ نام شمول آیت محررہ ذیل ہو کر بشمار اعداد میزان راست کے پڑھا جائے گا چنانچہ عمل اس نقش کا معہ ترکیب مثالاً لکھا ہے جیسے کسی کا مطلب ہے یا مالک سے ہمیں تیس روپیہ مہینہ ملا کرے. اعداد مطلب کی میزان ۱۳۰۷ ہوئے. اب اعداد میزان ایک عدد زیادہ کرتے ہوئے خانہ پری نقش ۳۳۶۰۱ بروش اسپ ۳۰۱ شطرنج کے کرنا چاہیئے جس طرح سے کہ نقش مرقومہ ذیل میں ۱۳۰۷ پر ایک عدد زیادہ کرتے ہوئے ۱۳۰۸ و ۱۳۰۹ وغیرہ لکھا گیا حالانکہ بطور مرقومہ بالا خانہ بائیں کی لیں چھوڑ کر میزان دینا چاہیئے جیساکہ ۳۹۳۶ دونوں سمت کی میزان ہوئی میزان داہنی سمت سے مراد ہے کہ اسی قدر آیت مرقومہ ذیل مع نام فرشتہ ہر روز عمل ورد کرنا چاہیئے اور میزان چپ کہ اعداد سے نام فرشتہ برآمد ہوگا. بدیں طور عدد میزان یعنی دل ۳۹ ظ ۹۰۰ غ ۱۰۰۰ اگر عامل کو یہ شک ہو کہ ۳۰۰۰ کا حرف غین نہیں ہوتا غرض یہ ہے کہ اس ں ایک ہزار سے سو ہزار تک حرف غین ہی متصور ہوگا جب کہ حروف برآمد ہوئے تو حرف بقاعدہ ہندی

جانب چپ سے ملا کر جو لفظ ہوگا وہی نام مؤکل کا ہوگا جیسا کہ اس میزان میں غظلو نام موکل کا برآمد ہوا یہی عبارت نام مذکورہ ذیل میں شامل کر کے مطابق عدد میزان نقش کے یعنی ۳۹۳۶ مرتبہ حسب ترکیب مرقومہ ذیل ورد ہوگا۔ اس عبارت میں جس میں نام موکل کا شامل کیا گیا ہے۔

عظمۃ علیکم وحق ربنا وربکم یا عظوائیل
صلوٰۃ اللہ علیہ وحق عظوائیل۔

قول			
اظف	۱۳۱۵	۱۳۰۷	۱۳۱۳
ول	۱۳۱۰	۱۳۱۲	۱۳۱۴
سک	۱۳۱۱	۱۳۱۶	۱۳۰۹

ترکیب شروع ماہ میں بروز چہارشنبہ آغاز کرے جمعہ تک یعنی تین دن متواتر عمل میں لاوے اور جب پھر چہارشنبہ آوے تو چہارشنبہ اور پنجشنبہ جمعہ تک تین روز عمل کرے یعنی ایک مہینہ میں تین سہ روزہ بارہ روز عمل کرنے میں دلی مراد حاصل ہوگی اور موکل خود حاضر ہوگا حسب درخواست اپنی کے مراد دے گا۔ غرض کہ بروز چہارشنبہ اول نقش مذکور ایک کاغذ پر لکھے اور تعویذ بنا کر نگاہ رکھے۔ بعدہٗ ریشم رنگا تعویذ میں لپیٹے اور ایک لکڑی سہ ساختہ درخت انار سے لاکر ایک رکابی گلی میں بطور تپائی کے ایستادہ کرے اور ریشم بستہ تعویذ کا دوسرا کنارہ سر ساختہ کے درمیان میں اس طرح لپیٹ دے کہ وہ تعویذ نقش کا درمیان سر ساختہ کے آویزاں رہے بعد ازاں لاوے مصطگی رومی و الائچی خورد لوبان تینوں چیزوں سے تعویذ کو دھونی

دے اور عبارت شمولہ نام موکل بقدر تعداد مذکور پڑھنا شروع کرے اور ایک مہینہ تک پاگیزگی سے رہے

طلسم تیسرا اُوپر چار فصل کے منقسم ہے

طلسم سوم ہے۔ رشک طلسمات لکھے ہیں۔ فالنامہ اور سگونات وبیان خواب احکام سروذہ شگون چھپکلی وزاغ وعطسہ۔

فصل پہلی فالناموں کے بیان میں

یہ فالنامہ حضرت خضر علیہ السلام سے بہت صحیح اور دست بلکہ جیساکہ آزمایا مطابق شدنی کے مطابق صداقت میں مجرب پایا لائے ناظرین طریقت آئین و شائقین حقیقت میں پر واضح ہو کہ عدد اسم معروف سائل کے تجساب ابجد لے کر معہ اعداد یوم جس روز کہ سوال کیا ہو جملہ لاکر جمع کریں اور بموجب برآمد مطلب کے حکم کرے انشاء اللہ تعالیٰ اصلاً خطا نہ ہوگا۔ موافق شدنی کے مطابق آئے گا لہٰذا پیشتر اعداد و حروف بقاعدہ جمل کہ اس سے اکثر مطالب برآری مثل تاریخ گوئی کے متصور ہے۔ واسطے فائدے خاص و عام کے ارقام ہو

ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل	م	ن
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰
س	ع	ف	ص	ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

اعداد ہر یوم کے سبعہ سیارے کہلاتے ہیں۔ شنبہ، یکشنبہ، دوشنبہ، سہ شنبہ
چہار شنبہ، پنجشنبہ، جمعہ، سوالات۔

(۱) اگر کوئی سوال کرے کہ فلاں شخص غائب ہے۔ پھر آدے گا یا نہیں چاہیے
کہ نام سائل کا معہ نام اس روز کے بحساب ابجد شمار کرے اور تین جگہ طرح
دے اگر باقی ایک رہے غائب بخوشی پھر آدے اگر دو بچیں مردہ تصور کریں
اگر تین رہیں غائب درمیان راہ کے ہے۔

(۲) اگر سائل پوچھے کہ فلاں مرد و عورت میں پہلے کون مرے گا نام شوہر اور
عورت کا بحساب ابجد جمع کر کے دو پر طرح دے اگر ایک باقی رہے پیشتر
عورت مر جاوے اگر دو بچیں مرد۔

(۳) اگر سائل پوچھے کہ غائب کس طرف کو گیا ہے۔ اعداد نام اس روز کے
جمع کر کے چار جگہ طرح دے اگر ایک باقی رہے غائب بسمت مشرق اور
اگر دو ہوں طرف مغرب اگر تین بچیں بجانب شمال اور چار بچیں طرف
جنوب کے گیا ہے۔

(۴) اگر سائل پوچھے کہ فلاں عورت حاملہ سے لڑکا پیدا ہوگا یا لڑکی چاہیے کہ
نام حاملہ مع نام اس روز کے بحساب حمل جمع کر کے تین طرح جگہ دے
اگر ایک بچے فرزند پیدا ہو اگر دو رہیں دختر اگر تین رہیں لڑکا پیدا ہو کر
مر جاوے یا حمل خام گر جائے۔

(۵) اگر سائل پوچھے کہ فلاں کس علت میں بیمار ہے۔ نام مریض کا معہ نام اس
روز کے بحساب ابجد جمع کر کے چار جگہ طرح دے اگر ایک رہے بیماری حرارۃ
ہے۔ اگر دو رہیں سردی و بلغم و فساد خون تصور کرے۔ اگر تین رہیں سایہ
دیو پری وغیرہ کا سمجھے اگر چار رہیں سحر و جادو میں مبتلا ہے۔

(۶) اگر کوئی سوال کرے کہ مریض صحت پائے گا یا نہیں چاہیئے کہ عدد حروف اسم رنجور مع اعداد اس روز کے جمع کر کے تین جگہ طرح دے۔ اگر ایک رہے بیمار مر جاوے اگر دو بچیں صحت ہو اگر تین بچیں بیماری زیادہ ہو۔

(۷) اگر سائل پوچھے کہ ارادہ سفر کا رکھتا ہوں۔ نیک ہے یا بد چاہیئے کہ اعداد نام معہ اعداد اس روز کے جمع کر کے تین جگہ طرح دے اگر ایک رہے سفر نیک ہے اگر دو باقی رہیں سفر باقاعدہ و بامنافع ظہور میں آوے اور بہت خوب ہے یا خوشی و خرمی سفر سے پھر آوے اگر تین رہیں مسافرت کثیر در پیش ہے اور سفر میں عرصہ ہو۔

(۸) اگر سائل پوچھے کہ اس تجارت میں نفع حاصل ہو گا یا نقصان تو اعداد نام سائل معہ اس یوم کے جمع کرے۔ تین جگہ طرح دے اگر ایک باقی رہے نقصان اٹھاوے اگر دو رہیں منافع پاوے اگر تین رہیں ہمراہیوں سے خوف ہے

(۹) اگر سائل سوال کرے کہ مال میرا گم ہو گیا ہے ملے گا یا نہیں اعداد نام سائل مع اعداد روز کے جمع کر کے دو جگہ طرح دے اگر ایک رہے مال نہ ملے گا اگر دو رہیں مل جائے گا۔

(۱۰) اگر کوئی پوچھے عورت کو حمل ہے یا نہیں تو اعداد حروف نام عورت و اعداد یوم جمع کر کے دو جگہ طرح دے اگر ایک رہے حمل نہیں ہے اگر دو رہیں حمل بے شک ہے

(۱۱) اگر سائل پوچھے کہ فلاں شخص ہمیں دوست سمجھتا ہے یا دشمن اعداد نام سائل معہ اعداد روز جمع کر کے اور چار جگہ طرح اگر ایک باقی رہے وہ دشمن جانتا ہے اگر دو رہیں دوست اگر تین رہیں دوست زبانی سمجھے اگر چار بچیں تو دوست سمجھتا ہے نہ دشمن۔

(۱۲) اگر سائل سوال کرے کہ فلاں عورت مجھ سے محبت رکھتی ہے یا نہیں اسی طرح اعداد اسم سائل و اعداد روز اس کے جمع کرے تین جگہ طرح دے اگر ایک رہے اپنے شوہر کو دوست رکھتی ہے اگر دو رہیں صفت کو عزیز جانتی ہے اگر تین رہیں مرد غیر کو چاہتی ہے۔

(۱۳) اگر سائل پوچھے کہ فلاں عورت سے نکاح چاہتا ہوں بہتر ہے یا بد چاہیئے کہ اعداد اسم عورت مع اعداد یوم جمع کرے اور تین جگہ طرح دے اگر ایک رہے تو نکاح بہتر اور اگر دو رہیں بہتر نہیں۔ اگر تین رہیں بعد عرصہ کے سزاوار ہو۔

(۱۴) اگر سائل پوچھے کہ فلاں شخص مجھ سے خصومت رکھتا ہے۔ اس پر ظفریاب ہوگا یا نہیں بحساب ابجد اعداد نام سائل اور اعداد اسم خصم جمع کرکے دو پر طرح دو اگر ایک رہے دشمن پر ظفریاب ہوں اگر دو رہیں دشمن ظفریاب ہو۔

(۱۵) اگر سائل پوچھے کہ فلاں شخص یہ خبر لایا ہے راست ہے یا دروغ اعداد نام سائل اور اعداد نام یوم کے جمع کرکے دو جگہ طرح دے اگر ایک رہے خبر باطل ہے اگر دو رہیں تو سمجھنا چاہیئے۔

(۱۶) اگر سائل پوچھے فلاں حاجت رکھتا ہوں بر آویں گی یا نہیں اعداد نام سائل اور عدد یوم کے جمع کرکے تین جگہ طرح دے اگر ایک بچے حاجت روا ہو اگر دو بچیں دیر میں ہو اگر تین رہیں جلد حاجت برآدے گی۔

(۱۷) اگر سائل پوچھے کہ فلاں شخص نوکری چاہتا ہے کیا اور کیسا ہوگا نام اس شخص کا مع نام روز کے جمع کرکے دو جگہ طرح دے اگر ایک رہے نوکر وفادار کارگزار ہوگا اگر دو رہیں نوکر بے وفا اور سست کار ہے۔

(۱۸) اگر سائل پوچھے کہ چوری ہوگئی ہے۔ چور عورت ہے یا مرد چاہیئے کہ نام

اعداد سائل مع اعداد اس یوم کے جمع کرکے دو جگہ طرح دے اگر ایک رہے چور مرد ہے اگر دو رہیں عورت۔

(۱۹) اگر سائل پوچھے کہ چور خانگی ہے یا غیر ہے چاہیئے کہ اعداد نام سائل معہ اعداد روز جمع کرے تین جگہ طرح دے اگر ایک رہے دزد ہمسایہ تصور کرے اگر دو رہیں کوئی شخص اسی گھر کا ہے۔ اگر تین رہیں شخص غیر نے مال چوایا ہوگا

(۲۰) اگر سائل پوچھے کہ امسال بارش کیسی ہوگی۔ اعداد نام سائل اور اعداد یوم جمع کرے تین جگہ طرح دے اگر ایک رہے بارش کم ہو اگر دو رہیں بارش اچھی ہو اگر تین رہیں خشک سالی متصور کرے۔

(۲۱) اگر سائل پوچھے کہ آج پانی برسے گا یا نہیں تو اعداد اسم و اعداد روز مذکور جمع کرکے چار جگہ طرح دے اگر ایک رہے اسی روز بارش ہو اگر دو رہیں ہرگز نہ ہوگی اگر تین رہیں تو تھوڑی بارش ہو اگر چار بچیں کہیں اور جگہ رہے گا۔

(۲۲) اگر سائل پوچھے کہ فلاں جگہ عمارت بنانا چاہتا ہوں بنواؤں یا نہیں چاہیئے کہ نام سائل معہ اس روز کے جمع کرکے چار جگہ طرح دے اگر ایک رہے عمارت بنانی بہتر ہے اگر دو رہیں تو نحس ہے اگر تین رہیں آغاز بہتر اور انجام بدتر ہے اگر چار رہیں بہت نیک و سعد ہے۔

(۲۳) اگر سائل سوال کرے مجھے کس جانب کا سفر فائدہ مند ہوگا چاہیے کہ اعداد نام سائل کے اور اعداد اس روز کے جمع کرکے پانچ جگہ طرح دے اگر ایک رہے سفر پورب کا بہتر اور فائدہ مند ہوگا اگر دو رہیں سفر پچھم کا بہتر ہے اگر تین رہیں سفر شمال فائدہ مند ہے اگر چار باقی رہیں سفر جانب جنوب کرے اگر پانچ رہیں تو کسی طرف کا بہتر نہیں بلکہ سفر میں باعث ہلاکت متصور ہے

(۲۴) اگر سائل پوچھے کہ فلاں کار کس روز کرنا بہتر ہو گا عدد نام سائل اور اعداد روز سوال جمع کرے آٹھ جگہ طرح دے اگر باقی ایک رہے تو یکشنبہ بہتر ہے اگر دو رہیں دو شنبہ اگر تین رہیں سہ شنبہ اگر چار رہیں چہار شنبہ اگر پانچ رہیں پنجشنبہ اگر چھ رہیں جمعہ اگر سات رہیں تو شنبہ کو کرنا خوب اور ہمایوں ہے اگر آٹھ رہیں تو کار موجوعہ میں توقف و تامل کرنا واجب ہے۔

(۲۵) اگر سائل سوال کرے کہ فلاں شخص سفر کو گیا ہے جلد آوے گا یا نہیں۔ چاہیئے کہ سائل سے نام ساتوں یوم کا ہفتہ میں ہیں پوچھے اگر وہ شخص یکشنبہ یا چہارشنبہ کا نام لے تو کہنا چاہیئے کہ مسافر راہ میں ہے اور اگر روز پنجشنبہ یا جمعہ کہے تو حکم دینا چاہیے کہ مسافر جلد آیا چاہتا ہے اگر سہ شنبہ ہے تو مسافر طول ہے اگر شنبہ یا دو شنبہ کہے تو معلوم کرے کہ مسافر جائے قیام پر مقیم ہے

(۲۶) اگر سائل پوچھے کہ ہمارے ہاتھ میں کیا چیز ہے کہ اعداد نام سائل اور اعداد روز ساعت میں سوال کرے مثلاً شمس ہو بحساب ابجد جمع کرکے تین جگہ طرح دے۔ اگر ایک رہے از قسم جلس ہے یا مروارید و سنگ و زرہ نقرہ یا قسم دھات یا شیرینی اور اگر دو رہیں از قسم پارچہ مثل ریسماں و آبریشم و سوت وغیرہ یا خاک و برگ و غلہ و سپاری و یا چوب یا میوہ یا اور جو اور چیز کے کھانے کی ہو۔ ہاتھ میں نکلے گی اور اگر خرچ سے تین رہیں تو از قسم جانور یا گوشت و استخوان وغیرہ مٹھی میں ہو گی۔

دیگر طریقہ دریافت کرنے حال مریض کا نہایت مجرب و آزمودہ ہے

اگر فرستادہ بیمار طبیب کے پاس جائے اور واسطے معالجہ بیمار کے

سوال کرے لازم ہے کہ طبیب نام سائل کا دریافت کرے بعدازاں دیکھے کہ بحساب ہندی اس نام کے حروف جتنے ہوں ان میں چار عدد زیادہ کرکے دوچند کرے اور جس تاریخ کو کہ سوال کیا ہو اس تاریخ کو بھی دوچند کرکے شامل کرے پھر اعداد مجموعہ کو تین سے تقسیم کرکے اگر خارج قسمت میں باقی کچھ نہ رہے معلوم کرے کہ مریض صحت نہ پائے گا اگر ایک عدد خارج قسمت میں نکلے رنجور بہت جلد شفا پاوے اگر دو یا تین حاصل قسمت ہو تو مریض دیر میں صحت پائے۔ مثلاً سائل کا نام گنگا دہر یا مرتضے ہے تو از روئے ہندی دونوں میں نام چار چار حرف ہیں۔ چنانچہ چار عدد اور ملاکر باہم دوچند کئے تو آٹھ ہوئے اور تاریخ ہندی کہ جس روز سوال ہو گا مثلاً اسٹمی ہے تو دوچند کریئے ۱۶ ہوئے پھر اعداد اسم میں کہ کئے ہیں شامل کرنے سے چوبیس ہوئے اور تین سے تقسیم کرے تو تقسیم پوری آئی کچھ باقی نہ بچا معلوم کرنا چاہیئے کہ مریض ہرگز صحت نہ پاوے گا۔

فال نامہ دیگر منقول حافظ شیرازی رحمتہ اللہ علیہ

جن صاحبوں کو دیکھنا و مطالب دلی دریافت کرنا منظور ہو خانہ ہائے ہندسہ میں انگشت صداقت دل رکھ کر اشعار مرقومہ نقشہ سے مقصد قلبی دریافت کریں۔ جو کچھ شدنی ہوگی مطابق مطلب مضمون اشعار سے راست معلوم ہو جائے گی۔ نقش اگلے صفحے پر ہے۔

۱	ترا کار نیکو میسر شود	فال نیک ہے۔	کہ شاید یہ موافق شود	۱
۲	دریں فال کارت بیاید بدست	مراد دلی برآوے	بدست و بدست و بدست	۲
۳	دریں فال بیشک شوی بہرہ ور	مراد دلی برآوے دشواری	ولیکن بدشواری سخت تر	۳
۴	باآہستگی گار باشد درست	مراد دلی برآوے ولیکن بتوقف	درست و درست و درست	۴
۵	ازیں فال تو پردے درہم کن	مراد دلی میں ممانعت ہے	تو درہم کنی و تو برہم کنی	۵
۶	ازیں فال تو شادمانی کنی	مراد دلی بشادکامی حاصل ہو	بفضل خدا کامرانی کنی	۶
۷	تو یابی دریں فال مطلب	مراد جلد برآوے	جواب ہمی با تو گویم جواب	۷
۸	برآید دریں فال البتہ کام	مراد دلی برآوے لیکن تردد سے	ولیکن بجست تردد تمام	۸

فال نامہ سوم از حضرت یحییٰ امنیری علیہ رحمۃ اللہ

جو شخص کہ تحقیق کرنا نیک و بد کا حسب حال اپنے اور مطلب دنیاوی کا سعد و نحس دریافت کیا چاہے تو بہ نیت صدق و اعتقاد درست خانہ ہائے نقشہ ذیل میں انگل رکھے اور مطابق نشان خانہ نقش کے اشعار منظومہ سے مطلب اپنے موافق معلوم کرے۔

یک و یک	یک و دو	یک و سہ	یک و چہار	یک و پنج
دو و یک	دو و دو	دو و سہ	دو و چہار	دو و پنج
سہ و یک	سہ و دو	سہ و سہ	سہ و چہار	سہ و پنج
چہار و یک	چہار و دو	چہار و سہ	چہار و چہار	چہار و پنج
پنج و یک	پنج و دو	پنج و سہ	پنج و چہار	پنج و پنج

این فال که با تو دوست جانی است … با دولت و بخت و کامرانی است
مقصود تو جمله حاصل آید … زیرا که دلیل شادمانی است
این فال توست با سعادت … اقبال تو رو کند زیارت
این حاجت تو روا کند زود … همواره خدائے باد یادت
اندیشه که کرده حذر کن … در قدرت حق مگر نظر کن
این کار مکن که رنج یا دلی … از صبر بگرد و مگر نظر کن
این فال توست بد جز و کل … شاید که دران کنی تامل
در آخر کار تو بر آید … گر تو بخدا کنی توکل
فالے که زدی مقابل آید … یا دولت و بخت کامل آید
اندیشه که کردهٔ حقیقت … شکر است که زود حاصل آید
فالے زده از تکلف … باید که دران کنی توقف
گر صبر کنی تو اندرین فال … یابی ز خدا بجود تلطف
این فال تو هست بختیاری … مقصود مراد هرچه داری
بر شاخ امید تو بر آید … خوش باش که جملنی بر آری
در فال هست بختیاری … زیرا که تو مرد بختیاری
تعجیل مکن که در بر آید … هر کار که در ضمیر داری
فال تو نکوست لیکن این کار … بودست به سخت سخت دشوار
دلدار قوی که این مرادت … آسان شود باخر این کار
در فال تو هست دوست کامی … یابی تو مرا د ہا تمامی
میدان که بیابی ارزوها … در دولت و بخت و شاد کامی
این فال نکو ترا بر آید … زیرا که ازان خجل تر آید

گر صبر کنی امید باشد	سہ و	کار تو ز صبر بہتر آید
ایں فالے مبارک برین گون	سہ و دو	گردو ہمہ کارہا ہمایوں
مقصود و مراد ہرچہ داری		بلیشک شود آں تمام اکنوں
فالے کہ زدی موافق آید		پر نور چو صبح صادق آید
ایں کار کہ بستہ تو کنواں	سہ و سہ	انعام خدای خالق آید
فالے زدہ تو از سعادتے	سہ و چہار	اقبال قبول شد زیادت
زیں فال نکو امید میدار		یابی ہمہ مقصد و مرادت
کار تو ہمہ نظام گردد	سہ و پنج	در صبر تو انتقام گردد
تعجیل مکن کہ اندریں کار		شاید کہ فلک بکام گردد
ایں فال تو آمدہ است احسن		کار تو شود چو روز روشن
بر دشمن خود شوی مظفر	چہار و یک	لیکن بہ کمین نشستہ دشمن
ایں فال تو با سعادت آید		اقبال درد زیارت آید
باز آید شکار گاہ مقصود	چہار و دو	خوش باش کہ شاد شادت آید
ایں فال بد آنکہ دل کشید آید		زیرا کہ نسیم راحت آید
ہر کار کہ ہست باز ماند	چہار و سہ	بے یار یقین نمے کشاید
ایں فال نکوست لیکن ایں کار		گر صبر کنی تراست بہتر
ایں فال بکن تو زود بہتر	پنج و یک	ہرچند کہ زود تر نکوتر
یابی کہ مرادت دل تمامی		با دولت وجاہ و خوش فزوں تر
فالے کہ زادی بہ شوم بختی		اندیشہ مکن ز تنگ دستی
خوش باش کہ عاقبت بر آید	پنج و دو	ایں کار تراولے ز سختی
فالے کہ زدی عذر بکن تر		کارے نبود ز صبر بہتر

این کار مکن کہ اندریں کار	سود تو زیان شود سربسر
فالے کی زدی بفضل یزداں	باآنکہ تو ہستی از بزرگان
ایں فال تو خوش تراز بہار است	در گنج مراد سازگار است
اندیشہ مکن تو اندریں کار	زیراکہ خدائے کردگار است

فصل دوسری نجوم اور سرودھا کے بیان میں

ذکر سرودھا :- جاننا چاہیئے کہ دار ومدار سرودہا کا تین سروں پر منقسم ہے۔ بدیں تفصیل پنگلا :- داہنے سر یعنی دم راست کا نام ہے اس کو آفتاب سے نسبت ہے اور اس کی خاصیت گرم ہے ایڑا بائیں سر یعنی دم چپ کا نام ہے اس کو ماہتاب سے نسبت ہے اور اس کی تاثیر سرد ہے۔ سکھمنا :- بائیں داہنے سر کا نام جو دونوں ساتھ چلتے ہیں فائدہ :- واضح ہو کہ دم راست میں ان کا کرنا واجب ہے جن سے جلدی فراغت پاوے یعنی متحرک کام جیسے کھانا جنگ کے واسطے سوار ہونا قرض لینا قرض دینا تیراندازی وغیرہ علم سیکھنا دشمن کے گھر جانا کسی کی ملاقات کو جانا وغیرہ علیٰ ہٰذا القیاس بائیں سر یعنی دم چپ میں ان کاموں کا کرنا چاہیئے جن کو قیام ہے جیسے عمارت بنانا مکان میں داخل ہونا مسند حکومت پر بیٹھنا کتخدا ہونا نوکر ہونا شہر اور گاؤں کا آباد کرنا سفر سے پھرنا اور قطع و برید پارچہ وغیرہ اور سکھمنا میں سوائے جنس نفس ولوادحہ جوگ وغیرہ اور کچھ نہ کرنا۔ عمل سرودھا :- عنصروں کا دیکھنا

جس کو اپنی آنکھوں سے منظور ہو اس ترکیب کے لئے یہ ہے اور ایک رات پہر باقی رہے سنگھ آسن یعنی دوزانو بیٹھ کر دونوں ہاتھوں سے پنجوں کو الٹ کے اس طرح دونوں زانو پر رکھے کہ انگلیوں کے سر پیٹ کی طرف رہیں پھر ناک کے نتھنوں پر نظر کرے یعنی عنصر کو دیکھے دو مہورت یعنی پانچ گھڑی تک تو چھ مہینے میں عنصروں کی صورت بخوبی نظر آوے گی۔ اب ایسے عمل کا بیان لازم آیا جس سے سر مخفی آشکار ہوں بڑے بڑے رموز مشکل باآسانی پیدا ہوں لہذا چھاپا پرش یعنی عمل ہمزاد کا لکھا جاتا ہے۔ جس شخص کو اس عمل میں لانا منظور ہو اس کو چاہیئے کہ سورج اور چاند یا چراغ کی روشنی ہر روز بلا ناغہ دو مہورت اپنے سایہ کی طرف گلے کے اوپر دیکھے کرے تو چند روز میں اپنی صورت معکوس یعنی الٹی نظر آوے گی اور چھ مہینے کے بعد وہ صورت بعینہ روبرو نمایاں ہوگی۔ پھر جو حال بھلا ہو اور برا زمانہ آئندہ کا اپنے یا غیروں کی نسبت پوچھنا ہو اس سے دریافت کر لے اور واضح ہو کہ ایک عمل کے حاصل کرنے سے جواب دینا ایسے سوالوں کا فلاں شخص اس وقت کہاں ہے یا وہ اس دم کیا کام کرتا ہے یا اس کے ہاتھ میں کیا چیز ہے یا اور قسم کی باتوں کا بتلا دینا بذریعہ ہمزاد کے ممکن ہے۔ ذکر بعضے استعمال کا اول جس سر میں علی الصباح خواب سے اٹھے اسی طرف کا قدم پہلے اٹھا کر چلے کہ اس عمل کی تاثیر سے تمام دن خوشی میں گزرے دوم اہل ریاضت میں ذکر قلبی کو سب عملوں پر مقدم رکھا ہے اور وہ ایک اسم ہے کہ رات دن تمام جانداروں سے خود بخود جاری رہتا ہے۔ جو دم اندر جاتا ہے لفظ سو اور جو دم باہر آتا ہے اس میں لفظ ہم مجموعہ سو ہم ہے کہ اہل اسلام اللہ ہو کہتے ہیں۔ پس انسان کو لازم ہے کہ ہر وقت اس کا جاپ کرے۔ یعنی ہر نفس پر ہر دم خیال رکھے کہ

اس کے عمل سے روشن دلی پیدا ہو طرفہ امتحان ہے کہ چند روز کے کرنے میں ایک عجیب بات پیدا ہوتی ہے یعنی رات کو اتفاقاً جس وقت آنکھ کھل جائے گی تو تمام مکان میں روشنی نمودار ہوگی۔ عاملاں سرودی کا بیان ہے اگر چار روز یا آٹھ روز یا بارہ روز تک دم چپ کسی کا جاری رہے اور دوسرا سر نہ بدلے تو اس کی عمر بہت دراز ہو اگر آٹھ پہر دم راست جاری رہے تین برس میں مر جاوے اور سولہ پہر چلے تو دو سال میں تیر مرگ کا نشان ہو اگر بیس پہر چلے تو ایک سال میں ملک عدم کو روانہ ہو۔ اگر پندرہ روز دن رات کا داہنا سر چلے تو سمجھنا چاہیئے کہ عمر بہت قلیل ہے۔ زندگی شش ماہ کی دلیل ہے اور چوبیس دن رات دم راست چلے تو دو روز میں وفات پائے اگر پانچ گھڑی سکھنا چلے تو اسی دم مر جاوے اور تینوں سر چلنے میں تھکیں منہ سے سانس جاری ہو تو چار گھڑی میں فنا ہو جاوے اور بہت جلد عالم بقا راہ نما ہو۔ چہارم موت سر پر کھڑی رہتی ہے اور نہیں دریافت ہوتا کہ جان قالب سے کب جدا ہوگی لیکن ارباب تمیز نے بڑے غور اور تامل کے ساتھ اس بارہ میں کتنی باتیں نکالی ہیں۔ چنانچہ ایک یہ ہے کہ مٹھی داہنے ہاتھ کی باندھ کر پیشانی سے کچھ اوپر سر کی طرف رکھ لے ساعد یعنی کلائی پر نظر کرے اور تھوڑی دیر بغور نگاہ دیکھے جس روز ساعد نظر آوے ہاتھ جدا اور مٹھی جدا دیکھے اس روز سے چھ مہینے حیات میں باقی ہیں اس طرح پر کتنی باتیں اہل ریاضت و صاحبان ادراک نے لکھی ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

دریافت دقیقہ ہائے متعلقہ نجوم

نام ساتوں ستاروں کے جو حاکم ہفت اقلیم کے ہیں۔

بیندار حاکم زحل شد ملک چین را مشتری — ملک ترکستان را مریخ کردہ سروری
شمس آمد در خراساں زہرہ در ماء النہر — روم عطارد در قم بلغار را شد برتری

خواص واحکام روزہائے ہفتہ

یکشنبہ دوشنبہ :۔ نام رکھنے اور نیا کھانے اور کپڑا نیا پہننے سرخ اور آغاز تعلیم اور عملیات زمین جوتنے اور ملازمت بادشاہوں کے لئے نیک اور بہتر ہے۔ مکلاوہ کرنے اور نام رکھنے اور غسل صحت و زمین جوتنے یا نیو رکھنے اور تحویل و نقل مکان اور خرید و فروخت اسباب و چوپایہ و سواری و سفر کو نیک ہے

سہ شنبہ :۔ غسل صحت و عملیات و نوخوردن یا پوشیدن پارچہ سرخ اور نقل تحویل اور خرید و فروخت چوپایہ اور سواری و سفر نیک ہے:


چہار شنبہ :۔ مکلاوہ کرنے اور نام رکھنے اور نیا کپڑا پہننے اور نیا کھانا کھانے اور تعلیم اور زمین جوتنے اور نیو رکھنے اور تحویل مکان و حجامت بنوانے و ملازمت سلاطین و خرید و فروخت چوپایہ اور سواری و سفر نیک کو ہے۔


پنجشنبہ :۔ مکلاوہ کرنے اور نام رکھنے اور پوشش تعلیم وغیرہ مطابق بیان روز چہار شنبہ سفید و نیک ہے۔

جمعہ :۔ مکلاوہ کرنے اور لباس نو پہننے اور زمین جوتنے اور نو تعلیم اور نیو رکھنے و تحویل و خرید و فروخت اور حجامت اور خرید و فروخت چوپایہ اور سواری اسپ و فیل وغیرہ کو نیک ہے۔

شنبہ :۔ مکلاوہ اور غسل و صحت و نوخوردن اور نیو رکھنے اور تحویل مکان و خرید و فروخت چوپایہ اور سواری اسپ و فیل وغیرہ کو نیک ہے۔


واضح ہو ۔ کہ سفر بمقابلہ جوگنی وساسول کے بہت منع ہے۔ لہٰذا یہ دو
نقشے وساسول اور جوگنی بقید یوم اور تاریخ کے لکھے جاتے ہیں۔





نقشہ مقام چندرمان تت کال مہوریت یعنی ساعت بروقت

اگر کسی کو ایسے وقت میں سفر درپیش ہو کہ مہارت دیکھنے مہورت کی نہ ملے اور جوگنی و وساسول کی دوش رو کرنے کو حسب مندرجہ ذیل عمل نہ لاوے اور مطابق اشیائے مذکورہ نقشہ ہذا کے دیکھ کر روانہ ہو انشاءاللہ تعالیٰ بخریت طے۔



قسمت روانگی	نام شے	یوم روانگی	نام شئے	یوم روانگی	نام شئے
پورب	قند	یکشنبہ	برگ تنبول	پنجشنبہ	جغرات
پچھم	خرما	دوشنبہ	آئینہ دیکھکر جائے	جمعہ	رائی
دکھن	جغرات	سہ شنبہ	دہنیاں کھاکر جائے	شنبہ	دال کی بدی
	شیر	چہارشنبہ	قند سیاہ		

فصل تیسری شگون چھینک اور چھپکلی کے بیان میں شگون عطسہ یعنی چھینک

ناظرین دقیقہ رس وہنر بیناں سعد ونحس پر واضح ہو کہ یکایک ہونا چھینک کا نہایت راست اور صادق وبغایت درست برحق ہے جو کہ اس کے خواص کو بخوبی جانتے ہیں۔ حکم اس کا بسر وچشم مانتے ہیں۔ درحقیقت کہ ظہور اس کا خالی از علت اور فرمان اس کا برخلاف حکمت نہیں ہوتا ہے اکثر مسلمین اس کے پابند نہیں لیکن فرمان حق پر ضد کرنا اپنے پسند نہیں کس واسطے کہ اتوار عطسہ صدائے غیبی سے مراد ہے اکثر امتحان کیا صریح درست وٹھیک پایا ہے۔ صاحبان دور بیناں پر ظاہر ہو کہ اگر بر وقت ارادہ کسی کام اور ہنگام روانگی اور قیام تا عند المقصد الحرام وموقع کلام کے اگر صدائے عطسہ گوش زد ہو ارباب دانش واصحاب بینش کو لازم بلکہ الزام ہے کہ فعل اور خواص اس کا صدائے ہاتفی سمجھ کر مطابق یوم وسمت کے دریافت کریں اور جو کچھ جواب کار مرجوعہ کا آواز چھینک سے ادراک ہو موافق اس کے عمل میں ضرور لاویں

بیان خواص عطسہ بقید یوم اور سمت کے حساب

ذکر یکشنبہ :- اگر مشرق سے بروقت روانگی وغیرہ کے آواز چھینک آئے تو کسی دوست سے راحت پائے اور درمیان یعنی گوشۂ مغرب وجنوب سے ہو تو وحشت وغصہ طبیعت میں سما دے اگر خاص جنوب سے ہو صبر وقناعت کی علامت ہے مگر جانب مغرب سے ہو تو غذائے لطیف ملنے کی دلالت ہے اگر گوشہ مشرق وشمال سے ہو تمنائے دل بر آوے یا فکر اخراجات سے رہائی پا دے۔

ذکر دوشنبہ :- اگر سمت مشرق سے چھینک ہو تو حصول قناعت کی نشانی ہے اگر گوشہ جنوب ومشرق سے ہو باعث فرحت وشادمانی ہے اگر جانب جنوب سے آواز دے مال ومنال دستیاب ہو اور اگر گوشہ مغرب و جنوب پر ہے تو وصال دوست سے کامیاب ہو اگر طرف مغرب سے چھینک ہو تو کچھ خوف وخطر اور گونہ ملال وضرر پیش آئے۔ اگر گوشہ مغرب وشمال سے ہو تو قدرے مال ودولت ہاتھ لگے اگر خاص مشرق سے عطیہ نمایاں ہو طعام شیریں ولطیف کھانے میں آئے اگر گوشۂ جنوب ومشرق سے تو مراد دلی بر آوے۔

ذکر سہ شنبہ :- اگر سمت مشرق سے چھینک ہو کچھ نقصان مال کا فتور ہے۔ اگر گوشۂ مشرق وجنوب سے جلد مقاصد قلبی ظہور میں ہو کر اگر سمت جنوب آئے برخاستگی خاطر سے بے قرار رہے اور اگر گوشہ مغرب و جنوب سے ہو تو محبان ہمراز سے برخوردار اگر خاص مغرب سے ہو زیارت شادمانی

ومسرت ہو اور گوشۂ غرب وشمال سے مال وزر کی کثرت ہو اگر ردئے شمال سے پیدا ہو حصول مراد سے شادکام ہو اور گوشۂ مغرب وشمال سے نقصان زر ہو یا موجب الام۔

ذکر چہارشنبہ:۔ اگر چہارشنبہ کو ردئے شمال سے آواز یا چھینک آوے دولت لازوال سے مالامال ہو اور گوشۂ مشرق وجنوب سے کچھ تکلیف وایذا لاحق حال ہو اگر جانب جنوب میں ہو تو مقصود قلبی سے فیض یاب اور گوشۂ مغرب وجنوب سے زر کثیر سے کامیاب ہو اگر سمت شمال سے چھینک ہو۔ خود عظیم سے وہشت وباک ہے لیکن گوشۂ مشرق وشمال سے ہو اصلت حبیب فرحت ناک۔

ذکر پنجشنبہ:۔ جمعرات کو طرف مشرق سے چھینک ہو یقین ہے کہ نقصان دولت وزر سے غم آلودہ ہو۔ اگر گوشۂ مشرق وجنوب سے چھینک پڑے تو قریب ودہشت نصیب ہو۔ اگر جانب جنوب سے ہو مرام قلبی سے کامران ہو اور اگر گوشۂ مغرب سے حصول زر کا سامان۔ اگر طرف مغرب سے چھینک آئے نوید شادی سے خانہ آبادی اور گوشۂ مغرب وجنوب سے برخواستہ دلی ونامرادی۔ اگر جانب شمال سے صدائے چھینک سنی ہو موجب نشاط وآرام ہے اور درمیان مشرق وشمال سے ہو بے شک خوف ودہشت کا مقام ہے۔

ذکر جمعہ:۔ اگر جمعہ کو شمال کی طرف سے چھینک ہو کوئی خوف وخطرہ خطیر خاطر ہو اور گوشۂ جنوب وشمال میں ہو تو مقصد قلبی سے بہرہ ور اور اگر سمت جنوب سے چھینک ہو قدرے زر ومال ضائع ہو جائے اور درمیان مغرب وجنوب کے چھینک ہونا باعث ملال حبیب ہے اور اسی سے گونہ فائدہ بھی ضرور تصور کرے قریب ہے اگر خاص مغرب سے ہو تو خوشی و

خرمی کا موجب ہے اگر گوشۂ مشرق و شمال سے ہو برخاستگی دل کا مستوجب اگر شمال سے صدائے عطسہ استماع میں آئے محب شفیق سے ملاقات ہو اور اگر گوشۂ مشرق شمال میں تمنائے دلی بر آوے کچھ خوشی کی بات ہو۔

ذکر شنبہ: اگر ہفتہ کو جانب مشرق کے چھینک ہو۔ طعام لطیف و شیریں سے لطف پاوے اور جنوب و مشرق سے آرزو و خواہش دلی حاصل ہو اور گوشۂ مغرب و جنوب سے کوئی دشمن ارادہ جنگ و جدول ہو اگر عطسہ طرف مغرب سے ادراک میں آئے خاطر متفکر و مضطر کو تسلی و آرام ہو مگر گوشۂ مشرق سے ہو تو ازروئے قلبی کا بر آنا محال ہے۔

خواص جانب: ناظرین دوربین پر روشن و ہویدا ہو کہ بر وقت روانگی یا رجوع کار کے اگر چھینک از مقام بلندی اوپر سے ہو ملک الموت کا سامنا تصور کرے اور از جانب زیریں یعنی پستی ہو تو مال و زر کا پانا تصور کرے اور اگر صدائے عطسہ بروز شور ہو تمنائے دلی بر آوے۔ خوشی و خرمی کا ظہور ہو اگر زن عقیمہ یا بیوہ یا نابالغ چھینکے اصلاً مقام فکر نہیں۔ اس عطسہ لا اعتبار کا کچھ ذکر نہیں اگر حائضہ چھینکے غم و اندوہ کی دلالت ہے۔ بے شک تشویش و فکر کی علامت ہے۔ اگر دوا پیتے یا سوتے اور ہنگام جنگ دکاندار یا تحصیل علم و کشتکاری کے وقت جانب چپ یا پست سے عطسہ ظہور پاوے سعید ہے۔ مراد دلی و آرزوئے قلبی بر آوے اگر بہ سبب سردی و زکام ہو یا کوئی عمدہ چھینک لیوے تو سراسر باطل اور لا اعتبار ہے یہی خلاصہ اور یہی اختصار ہے۔

شگون چلپاسہ یعنی چھپکلی کا بیان

فصل تیسری :۔ ایضاً احوال سعد ونحس گرنے چھپکلی کا جو کہ ہادی طریقت اور بادی شریعت وآئندہ اسرار سبحانی وبینندہ انوار پانی یعنی سوت جی نے مقام مصر کہ میں بیان گرگا چارج سونگ من سے عیاں کیا تھا۔ واسطے فائدہ ہر خاص و عام حرف بحرف کتاب ہندی سے ترجمہ کرکے لکھا گیا ہے۔ واضح رائے ناظرین والا تمکین ہو کہ خواص افتادگی گرفش بموجب تاریخ ویوم مع خواص وقت ظہور میں آتا ہے۔ لہذا بیان مفصل بقید تاریخ ہندی اگر بتاریخ ویوم مع خواص وقت سلسلہ وار تحریر کیا جاتا ہے۔ بیان خواص تاریخ ہندی اگر بتاریخ یکم کسی پر چھپکلی گرے وقوع بیماری سے ملول ہو لیکن تاریخ دوم میں گرے تو حاکم وقت سے دولت و شادمانی وصول ہو اگر سوم چہارم کو گرے زرکثیر ہاتھ آئے۔ نکر اخراجات فارغ ہو جاوے اگر تاریخ پنجم ششم و ہفتم میں گرے آمد روزی سے مالا مال ہو اور دولت لازوال سے باقاعدہ عظیم خوش حال ہو اگر تاریخ ہشتم و نہم و دہم کو گرے قریب المرگ کی نشانی ہے اور ہلاہل مہلک سے جام زندگی لبالب اگر یازدہم میں گرے فرزند بطن مبارک سے ظہور ہو بادہ کامرانی و مسرت عمل میں لاوے اگر تاریخ سیزدہم و چہاردہم میں گرے زوال و دولت ومال سے رنج و ملال ہو فکر اخراجات دامنگیر و عاید حال ہوں اگر پانزدہم کو گرے زرکثیر دستیاب ہو۔ دولت تو انگری سے مالا مال ہو۔

بقیہ عدیوم :۔ ناظرین بیضا ستیائے پر روشن وہویدا رہو کہ خاصیت

یوم بھی مثل خواص تاریخ مسطورہ بالا کے کیفیت نما ہے لہٰذا مختصر لکھا جاتا ہے کہ ہفتہ چار روز نسبت گرنے چھپکلی کے بہت خوب ہیں۔ مگر تین روز نہایت اور از حد معیوب ہیں۔

صفت :- اگر دوشنبہ وچہار شنبہ و پنجشنبہ و جمعہ کو بدن پر گرے تو بہت مفید ہے اور دو شنبہ و یکشنبہ و سہ شنبہ کو گرے تو نہایت ناقص موجب ضرر ہے

بیان خواص بقید ولدیّت

ضمیر ناظرین مہر تنویر پر واضح و لایح ہو کہ دن کے چار پہر مقرر ہیں اور ہر ایک پہر کا خواص جداگانہ بہ نسبت افتاد کی کرفش کے ظاہر ہوتا ہے لہٰذا خاصہ ہر ایک پہر کا بتفصیل مختصر رقم کیا گیا خواص پہلے پہر کا یعنی صبح سے پہر دن چڑھے تک اگر چھپکلی پیشانی پر گر رد ئے راحت و شادمانی پیش آئے صورت تشویش و پریشانی کی لوح خاطر سے زائل ہو جاوئے اگر منہ پر گرے غذائے لطیف ذائقہ بخش وہاں اور لذت شیرینی سے مذاق کامیابی کا شیریں زبان اگر پاؤں پر گرے طے منازل سردست برپا ہو اور اثنائی سفر میں جلد تر گام فرسا ہو خواص دوسرے پہر کا یعنی دوپہر تک خواہ کسی عضو پر گرے لیکن جانب راست گرنے سے دلیل فرحت و مسرت ہے اور جانب چپ سے موجب امراض و علامت ہے۔ خواص تیسرے پہر کا پہر دن رہے تک اگر پشت پا یا دست پر گرے بیماری مہلک سے پرالم ہو اور اگر پاؤں پر گرے تو نقصان زر سے پابند غم ہو خواص چوتھے پہر کا شام تک اگر پیشانی پر گرے سمجھے کہ آقائے نامدار پر کوئی آفت پیش آتی ہے نقصان جان و مال سے ہمہ تن کلف موجب حیرانی ہے اگر رخسارہ پر گرے روئے

راحت سے خوش حالی اور صورت رنج و تعصب سے فارغ البالی ہو اگر ران پر گرے گردش فلکی سے حیران اور فراخی تنگدستی سے خانہ دولت ویران رہے۔

خواص دائمی :- ناظرین حقیقت میں پر روشن و مسین ہو کہ خواص گرنے چھپکلی کا بقید تاریخ دیوم یا بیان وقت صرف دو چار اعضا کے بہ نسبت جو کہ اصل تھا لکھا ہے لیکن خواص دائمی یہ مراد ہے کہ کونسی تاریخ یا کوئی یوم اور کسی وقت میں چھپکلی اوپر گرے۔ خواص اس کا بہ نسبت ہر ایک عضو کے مفصل بیان کیا جاتا ہے۔

بیان خواص :- اگر سر پر گرے مالک سخت تو تاج شاہی اور افسر مسند و چیز عالم پناہ ہے ہو اگر آنکھوں پر گرے بوئے عروج و عشرت سے دماغ و دل معطر ہو غمناکی دو اور چشم راحت منور ہو اگر منہ پر گرے نعمت لطیف و گوناگوں سے شیریں دہان ہو اغذیہ پاکیزہ و بہترین سے غذا اللسان ہو اگر بازو پر گرے بفضل ایزد وہاب مقابلہ دشمن سے فتح یاب اور شتاب اتصال مال و زر سے کامیاب ہو اگر کلائی پر گرنے افزدنی دولت وحشمت کی علامت ہے۔ باعث نیک بختی اور حصول فرحت کی دلالت ہے اگر ہاتھ پر گرے گلروئے سے ہمدوش ہو اور خاتون سنبل مو سے ہم آغوش ہو اگر پستان یا سینہ پر گرے مدام بادہ خرمی و نشاط سے مسرور رہے اور دوام صبح ہائے خوشنودی و انبساط سے مخمور اگر شکم پر گرے برج اقبال کا شرف کوکب سے منور ہو اور زیارت آل و اطفال سے خانہ آبادی میسر ہو اگر پیٹھ پر گرے فضل الٰہی سے خوش پوشاک ہو پارچہ رنگ برنگ میں چرک پوشی سے پاک ہو اگر پیر دل پر گرے چوپایہ کی سواری نصیب ہو اور رخش تمنا منزل مراد سے عنقریب ہو اگر پہلو پر گرے کسی خوف و خطر میں مبتلا ہو دہشت عظیم کا سامنا ہو اگر کمر پر

گرے بعونِ الٰہی پوشش نو بنو سے زیبائش پائے ساری کم خوابی فکر و تردد کی ہاتھ ململ کے دفع ہو جائے اگر مقام بزاز پر گرے سراسر موت نشانی ہے راہ نیک عدم کی جلد پیش آتی ہے اگر درمیان ران اور گھنٹے کے گرے جانور سواری کا زیر ران رہے اور دائما نعمت بیکران سے شادان و فرحاں رہے اگر پاؤں حصول دولت سے بہجت و شادمانی اور وصول عشرت و مسرت سے زندگانی ہو رائے مہر انجلائے نکتہ شناساں وقیقہ رس پر ظاہر ہو کہ بعض کتب متقدمین سے ظاہر ہوا کہ چھپکلی کئی رنگ کی ہوتی ہے اور ثمرہ افتیادگی مقرر زبون و بد دکھاتی ہے اگر کسی پر کرفس بد رنگ گرے تو صدقہ دینا مناسب ہے اور غسل و طہارت کرنا ان سب سے اور واضح ہو کہ اس ہادی طریقت دیبوی یعنی سوت جی موصوف نے روزمرہ خواص مفصلہ و مسطورۂ بالا واسطے دور کرنے وجہ منحوس یعنی دوش چھپکلی کے صدقہ النواع اشیائے کا اور پوجن و ہوم وغیرہ حسب ضابطہ ہنود کے بہ تفصیل و مفصل تحریر فرمایا ہے لیکن مترجم نے طولانی کلام سے درگزر کی اور خلاصہ انتخاب میں آیا اگر کسی موضع خلاف پر چھپکلی گرے اور خواص و فعل اس کا ادراک یا مقام دہشت و باک ہو لازم ہے کہ بطور صدقہ کے غربا کو و مساکین کے شکم کو طعام سے آسودہ کرے اور زرد طلا و پارچہ وغیرہ خیرات میں دے اگر ہندو پر یہ واقعہ گزرے چھاپا دان اور پوجن بشن بھگوان کی حسب مشہور ہنود کے عمل میں لاوے۔

فصل چوتھی شگون آواز زاغ اور تعبیر خواب کے بیان میں

شگون آواز زاغ کہ ایک کتاب سے حرف بحرف لکھتے ہیں آیا واضح

ہو کہ آواز زاغ اٹھارہ طرح کی ہوتی ہے۔ کوائی[۱] کوائی[۲] کیں[۳] کیں[۴] کروں[۵]
کروں[۶] کوئیں[۷] کوئیں[۸] کرئیں[۹] کرئیں[۱۰] کواں[۱۱] کواں[۱۲] کروں[۱۳] کروں[۱۴] کراس[۱۵] کراس[۱۶]
کرڑو[۱۷] کرڑو[۱۸] وغیرہ اول پہر میں اگر مشرق یا مغرب کی سمت میں زاغ بولے دوستوں
سے ملاقات یا کوئی چیز گمشدہ دستیاب ہے یا عورت حسین ملے یا دفعہ دشمن ہو
یا کوئی خوشی نصیب ہو یا مینہ برسے اگر شمال یا میانہ شمال و مشرق میں بولے
تو آگ لگے یا کوئی مصیبت پیش آوے دوم پہر میں اگر زاغ جانب مشرق
بولے مہمان آوے یا چوری یا بے عزتی ہو اگر مشرق و جنوب کے درمیان بولے
کسی سے لڑائی ہو اگر جنوب میں بولے یار کی خبر آوے اور اس سے رنجش
ہو یا ملاقات دوست ہو اگر درمیان جنوب و مغرب کے بولے بیمار کو
تندرستی ہو اور تندرست کو بیماری ہو اگر مغرب میں بولے بیمار کو صحت اور ملاقات
دوست کی ہو یا خبر دوست آوے اگر غرب و شمال کے درمیان بولے چوری ہو یا کوئی
چیز ملے یا کسی عورت سے وصل ہو کھانا گوشت کا ملے اگر شمال میں بولے زر ہاتھ
لگے یا ملاقات دوست کی یا دشمن پر مظفر ہو اگر درمیان مشرق و شمال کے بولے
چوروں کا خوف عائد ہو۔ سوم پہر اگر زاغ مشرق و جنوب میں بولے آگ لگے یا
لڑائی ہو یا بری باتیں سننے میں آویں اگر کہیں جاوے تو برائی ملے اگر جنوب میں
بولے لڑائی ہو یا خبر بد سنے اگر غرب و جنوب کے درمیان بولے بیماری ہو یا کوئی
جانور خوش الحان ملے یا مینہ برسے یا خبر خوشی کی سنے یا مٹھائی کھاوے یا دشمن
دفع ہو یا بیماری ہو یا کوئی ملازم نیا ملے اگر کہیں جائے تو کام جلد ہو جاوے
اگر غروب و شمال کے درمیان میں بولے ابر ہو یا ہوا تیز چلے یا بائیں گریہ سنے اگر
جانب بالا سے آواز کرے تو کچھ کھانے کو ملے چہارم پہر میں اگر زاغ جانب
مشرق سے بولے زر ملے یا حکم ہو اگر مشرق و جنوب کے درمیان میں بولے کچھ بہتری

ہو یا دوستوں سے ملاقات ہو اگر گوشہ جنوب میں بولے دشمن کو خوف ہو یا
دوست ملے یا بیماری ہو اگر گوشۂ جنوب و غرب میں بولے برائی ملے یا دوست
ملے یا کہیں سے خوف ہو یا چوروں سے لڑائی ہو اگر غرب میں بولے وصال
دوست ہو اور اس سے بہت فائدہ ہو۔ اگر غرب و شمال کے درمیان میں بولے
کسی عورت سے ملے یا مینہ برسے اور سفر میں جائے تو فتح و فیروزی واپس آوے
اگر شمال میں بولے عورت خوبصورت سے ملاقات ہو یا اسی ہفتہ میں سفر پیش
آوے اگر شمال و مغرب کے درمیان بولے دوستوں سے ملاقات ہو یا کوئی اچھی
چیز ملے یا گھوڑے پر سوار ہو کر کہیں جاوے یا بیماری سے مر جاوے اگر کسی لکڑی
پر بیٹھ کر بولے کوئی خوشی کا امر ہو یا دشمن سے کچھ خوشی کی بات سنے یا دشمن دفعہ
ہو بیماری دور ہو اگر اوپر بولے کچھ فائدہ حاصل ہو یا کوئی چیز ملے۔

بیان تعبیر خواب منظومہ مؤلف ترجمہ کوبدھوگن کتاب ہندی بیان، وقت خواب

اگرچہ شب کو دیکھے خواب انسان
تو ہے اس طرح قول نکتہ سجان

کہ دیکھے خواب اگر پہلے پہر میں
ملے تعبیر اس کی سال بھر میں

اگر پاس دوم میں دیکھے ناگاہ
عیاں تعبیر ہوگی اٹھویں ماہ

جو ہو پاس سوم میں خوب ظاہر
اثر ماہ ششم میں ہوگا ماہر

دلے خواب شب آخر کی تعبیر
مہینہ بھر میں دکھائی دے گی تاثیر

طلوع مہر میں دیکھے جو اے پیر
فقط دو روز میں ظاہر ہو تعبیر

اگرچہ دن میں دیکھے خواب کوئی
تو ناحق اس کی تعبیر جوئی

042 37636131

042-37636131

ہماری مفید اور کارآمد کتب

وارثی
اردو خط وکتابت
۱۲ روپے

کاروباری
خطوط

رومانی
خطوط
۱۰ روپے

عظیم
انگلش
اسپکنگ کورس
۵۰/- روپے

درسی
اردو خط وکتابت
مع گرامر
۲۵ روپے

آسان
عربی اردو
بول چال
۲۱ روپے

عربی
اردو بول چال
۱۵ روپے

پردیکٹ
انگلش ٹیچر

انگریزی اردو
بول چال
۱۰ روپے

آسان
فارسی اردو
بول چال
۲۱ روپے

اردو
خط وکتابت
۲۰ روپے

جہانگیر
خط وکتابت
۲۰ روپے

پشتو
بول چال
۵ روپے

سیٹھ آدم جی عبداللہ بمبئی والے لونگکھا بازار لاہور۔

کشف المحجوب اُردو

یہ کتاب جس کا فارسی سے اُردو میں ترجمہ کیا گیا ہے مشہور زمانہ حضرت علامہ شیخ علی ہجویری یعنی حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ کی بے مثال تصنیف ہے۔ اس میں انہوں نے راہ تصوف، تحقیق تصوف، مقامات تصوف وغیرہ پر بہت اچھے طریقہ پر بیان ہے۔ عمدہ کتابت دیدہ زیب طباعت۔ قیمت 8 روپے

کالا جادو و قانون محبت

اس کتاب میں ایسے ایسے پرتاثیر جنتر منتر درج ہیں جو کسی حالت میں بھی ضائع نہیں جاتے۔ مثلاً دوسروں کی نظروں سے غائب ہونا۔ دشمن کو زیر کرنا۔ عورت کو قابو کرنا، اپنی مرضی سے بھوت پریت اور ہمزاد کو تسخیر کرنا۔ ہواؤں میں اڑتے پھرنا اپنی مرضی کے مطابق ہر کام انجام دینا۔ عمدہ کتابت دیدہ زیب طباعت قیمت 20 روپے علاوہ خرچہ

اصلی مرغی خانہ: یورپ کے ملکوں کے لوگ انڈا اور مرغی کی تجارت سے لاکھوں روپے کماتے ہیں۔ یہ ایسی تجارت ہے کہ جس پر کم سے کم سرمایہ لگا کر کثیر منافع حاصل کیا جا سکتا ہے۔ ہم نے اس موضوع پر ایک مفصل کتاب شائع کی ہے جس کی مدد سے ایک ناتجربہ کار انسان بھی اعلیٰ درجہ کا مرغی خانہ چلا سکتا ہے۔ اور تھوڑے عرصے میں امیر کبیر بن سکتا ہے۔

قیمت صرف 28 روپے علاوہ خرچہ

صنعت و حرفت کے قیمتی راز

اس کتاب میں ایک سے ایک تجارتی فارمولا لاکھ لاکھ روپے کی قیمت کے پیٹنٹ نسخے، آسان دستکاریاں باعزت روزگار اور مفید ہنر اور عملی سکیمیں نہایت عمدہ طریقے سے درج کی گئی ہیں جن کی مدد سے اگر آپ ملازم ہیں تو اپنے فالتو ٹائم میں اگر بیکار ہیں تو آزادی کے ساتھ روزی کما سکتے ہیں۔ یہ کتاب مارکیٹ میں بے حد مقبول ہے۔ قیمت 20 روپے علاوہ خرچہ

سیٹھ آدم جی عبداللہ تاجر کتب

نولکھا بازار — لاہور

ممتاز عالم جنتری

دل دریا دیاں موجاں پنجابی

مصنفہ دائم اقبال دائم سرزمین پاکستان خاص کر پنجاب کا کوئی فرد جو پنجابی زبان سے تھوڑی سی وابستگی رکھتا ہو ایسا نہیں جو دائم اقبال دائم جیسے شاعر طریقت صوفی شاعر کے نام نامی سے واقف نہ ہو اس سے پہلے ان کی بہت سی تصانیف ملک کے کونہ کونہ میں عوام کی پسندیدگی کا موجب بن چکی ہیں "دل دریا دیاں موجاں" ان کی نئی اور انوکھی تصنیف ہے جس میں اس درویش صفت مرد قلندر نے اپنے درد کی رنگینیوں کو مختلف زاویوں میں پیش کر کے پڑھنے والے کے درد کو ایک نیا نقشہ دے کر اس کے سامنے رکھ دیا ہے کتاب ہذا کا ایک ایک شعر دل کی گہرائیوں میں اتر جاتا ہے اور دل جو سمندر کی گہرائیوں سے بھی زیادہ عمیق ہے اس کا مطالعہ بہت مفید اور ضروری ہے

قیمت صرف -/۱۵ روپے

روحانی کتابیں

اعجاز قلندری ..— ۲۵
اعجاز محمدی — ۲۵
کتاب الداء والدواء ..— 50
نقش سلیمانی کلاں — 33
مصر کا جادو ..— 20
محبوب الرمل
مفتاح النجوم
مفتاح الجفر
شعبدہ بازی ..— 30
کالا جادو "قانون محبت" — 25
کالا علم عملیات محبت ..— 20
عملیات فاروقی ..— 20
حاجت روا ..— 50
آئینہ مسمریزم ..— 20

ملنے کا پتہ

سیٹھ آدم جی عبداللہ پبلشرز بمبئی والے نولکھا بازار لاہور